websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com
MEMBER APNS
بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)
ABC CERTIFIED
روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
جلد 30 | جمعہ 13 نومبر 2026ء بمطابق 02 جمادی الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 311

سعودی عرب اور مقدس مقامات کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے ترجمان پاک فوج

مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی مشترکہ دفاعی ذمہ داریوں کو عملی شکل دینے کے لیے ایسے اقدامات کیے جارہے ہیں جن سے ضرورت پڑنے پر سعودی عرب میں متفقہ فوجی دستوں اور دفاعی صلاحیتوں کی فوری تعیناتی ممکن ہو سکے

پاکستان دفاعی مقاصد کے لیے سعودی عرب کو درکار ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا، 26 اکتوبر کو تہران میں ایران کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی کم کرنے کا لائحہ عمل تیار کرنا تھا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل اور ناقابلِ سمجھوتہ ہے، مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

سرمایہ کاروں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعلیٰ

حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی

بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے حکومت صوبے کے عوام کے تعاون سے بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

پی ٹی آئی نے گورنر راج اور ایمرجنسی کیخلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کرلیا

بیرسٹر گوہر اور دیگر درخواست گزاروں کو فریق بنا کر ان کا موقف بھی سنا جائے' درخواست میں موقف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کرلیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

پاکستان معاشی ترقی کے اہم مرحلے پر کھڑا ہے، معدنی شعبے میں عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد قابل تحسین ہے، فورم سے شعبے کو ترقی ملے گی، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد
عالمی سرمایہ کاروں کو تمام سہولتیں فراہم کرینگے



انطالیہ، وزیراعظم شہباز شریف کوپ 31 کانفرنس میں عالمی سربراہوں کے سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان میں سرخ فیتے کی رکاوٹ نہیں ہوگی، سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ریکوڈک سمیت معدنیات، تیل اور گیس کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں' سرفراز بگٹی

فورم میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ' گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی' وزیراعظم آزاد کشمیر' وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کی شرکت' سرمایہ کاری کے موقع پر اظہار خیال کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ معدنی شعبے میں عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد قابل تحسین ہے، منرلز انویسٹمنٹ فورم کے انعقاد سے معدنی شعبے کو ترقی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی ترقی کے اہم مرحلے پر کھڑا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کنونشن سنٹر اسلام آباد میں منعقدہ 2 روزہ منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے پہلے روز ہونے والے سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ فورم میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شرکت کی۔ فورم میں وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی اور وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین بھی شریک ہوئے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مندوبین کو خوش آمدید کہا اور سرمایہ کاروں کو تمام سہولتیں فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ معدنی شعبے میں عالمی سرمایہ کاروں بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں

وزیراعظم کا بڑا فیصلہ' وفاقی تعلیمی اداروں میں سیکیورٹی اہلکاروں کے قیام پر پابندی عائد

وفاقی اساتذہ کو انتخابات، مردم شماری، گھریلو سروے کی ذمہ داریوں پر بھی تعینات نہیں کیا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم نے وفاقی تعلیمی اداروں میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں


لاہور، پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

وزیراعظم کی ترک صدر سے ملاقات
خطے کی سیکیورٹی صورتحال، مذاکرات کیلئے اقدامات پر بات چیت

دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے، تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور دوطرفہ تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے پر اطمینان کا اظہار کیا

برادرانہ تعلقات اور امن وخوشحالی کے مشترکہ وژن کی بنیاد پر پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا

انطالیہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات ہوئی جس میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے لیے اقدامات پر بات چیت ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی آج انطالیہ میں اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے فریم ورک کنونشن (UNFCCC) کے تحت کوپ 31 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے دوطرفہ ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے، تاریخی اور برادرانہ بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پرملاحظہ کریں



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں اظہار خیال کررہے ہیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور دیگر شریک ہیں

گلگت بلتستان' وادی یاسین میں مسافر گاڑی کا خوفناک حادثہ، 10 افراد جاں بحق

مقامی رضا کاروں نے دریا سے 10 لاشیں نکال کر اسپتال منتقل کردیا، 3 خواتین بھی شامل ہیں

گلگت (نیوز ڈیسک) گلگت بلتستان کے ضلع غذر کی وادی یاسین میں مورکہ پل کے قریب مسافر گاڑی خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں خواتین سمیت 10 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر گاڑی بے قابو ہوکر دریائے بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

پاکستان کے معدنی وسائل معیشت کا مستقبل بدل سکتے ہیں، محمد اورنگزیب

معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، حکومت معدنی شعبے میں شفافیت، سرمایہ کار دوست پالیسی پر عمل پیرا ہے، وزیرخزانہ

کان کنی میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیا جارہا ہے معدنی شعبہ پاکستانی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا، عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی معاشی بہتری کا اعتراف کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کے معدنی وسائل معیشت کا مستقبل بدل سکتے ہیں۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ معدنی شعبہ پاکستانی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا، عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی معاشی بہتری کا اعتراف کیا، کہا کہ سیلاب سے معیشت کو نقصان پہنچا، عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی معاشی بہتری بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

نئے صوبے سب کی رضامندی سے بنیں گے، محسن نقوی

ملک سے کرپشن کو ختم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، وزارت داخلہ میں کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی کی ہے، لوگ نشاندہی کریں، ہم کارروائی کریں گے

نئے صوبوں کے حوالے سے بہترین حل یہ ہے کہ عوام کی رائے لے لی جائے، اگر اس کے علاوہ بھی کوئی بہترین حل ہے تو اس کے لیے بھی عوام کے پاس جانا چاہیے

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے واضح کیا ہے کہ نئے صوبے اسی صورت میں بنیں گے جب سب راضی ہوں گے ورنہ نہیں بنیں گے۔ ان بقیہ نمبر 07 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی کیلئے راستے صرف عدالتوں سے کھل سکتے ہیں، طارق فضل چوہدری

ایک طرف وہ آئرن مین بنے ہوئے ہیں اور دوسری طرف حکومت سے رابطوں کی بات کررہے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے لیے راستے صرف عدالتوں سے کھل سکتے ہیں، حکومت کے پاس بانی پی ٹی آئی کے لیے نہ کوئی ڈیل ہے اور نہ ڈھیل۔ بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

انٹرا پارٹی انتخابات اور آئینی ترامیم کا کیس زیر التوا ہے، الیکشن کمیشن

الیکشن کمیشن نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان کا نام خارج کردیا

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن کی فہرست سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کا نام بھی خارج کردیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات اور پارٹی آئین میں ترامیم سے متعلق کیس زیر التوا ہے، جس کے باعث پارٹی سربراہ کا نام فہرست میں شامل نہیں ہے۔

سوئی گیس کمپنیوں نے گیس مہنگی کرنے کی درخواستیں اوگرا میں جمع کرادیں

اسلام آباد (آئی این پی) سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنیوں نے گیس کی اوسط قیمتوں میں بقیہ نمبر 08 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

غزہ کی تباہ کن صورتحال پر مغربی میڈیا کی خاموشی شرمناک ہے، عباس عراقچی

غزہ میں اب بھی خاموشی سے نسل کشی جاری ہے تاہم مغرب کی اب اس پر کوئی توجہ نہیں رہی، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے غزہ کی تباہ کن صورتحال پر مغربی میڈیا کی خاموشی کو شرمناک قرار دے دیا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی وزیر خارجہ نے مغربی میڈیا کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ نے محکمہ مائنز اینڈ منرلز کے اسٹال پر شرکاء کو بریفنگ دی

اسلام آباد (خ ن) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

گورنر جعفر خان مندوخیل سے جمعیت علماء اسلام (س) کے وفد کی ملاقات

صوبے میں امن و استحکام، ترقی اور معاشرتی اصلاح کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مرکزی امیر جمعیت علماء اسلام (س) مولانا عبدالحق ثانی کی قیادت میں ایک وفد نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ وفد میں مولانا خزیمہ، جمعیت علماء اسلام (س) کے صوبائی امیر مفتی بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل اقبال شناسی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن برہم، عطا تارڑ پر سزا کی تلوار لٹکنے لگی

الیکشن کمیشن وزیراعظم اور حکومت کو احکامات جاری کرسکتا ہے، حکومت الیکشن کمیشن کو ہدایات نہیں دے سکتی

وفاقی وزیر نے ضابطے کی خلاف ورزی کی، 2 سال سزا ہوسکتی ہے، الیکشن کمیشن کے حکومت سے متعلق سخت ریمارکس

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں گوجرانوالہ کے ضمنی انتخابات کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کی۔ سماعت کے دوران چیف الیکشن کمشنر نے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہیلی کاپٹر پر حلقے کے دورے اور عوامی اجتماع سے خطاب پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اس کیس کی سماعت کی، اس دوران الیکشن کمیشن بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں


اسلام آباد، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے مفتی تقی عثمانی ملاقات کررہے ہیں

آئیون ہو مائنز اور ماڑی منرلز کے درمیان چاغی میں تانبے اور سونے کے ذخائر کی تلاش کا معاہدہ طے پاگیا

معاہدے کے تحت دونوں کمپنیاں چاغی میں تانبے اور سونے کے ذخائر کی تلاش اور معدنی وسائل کی استعداد کا جائزہ لیں گی

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر عالمی مائننگ اور سرمایہ کاری کمپنیوں کے سربراہان سے اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) آئیون ہو مائنز اور ماڑی منرلز کے درمیان بلوچستان کے ضلع چاغی میں تانبے اور سونے کے ذخائر کی تلاش کا معاہدہ طے پاگیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر عالمی مائننگ اور سرمایہ کاری کمپنیوں کے سربراہان سے اہم ملاقاتیں کیں۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے آئیون ہو مائنز اور ماڑی منرلز کے درمیان معاہدے بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

ملک کے مختلف علاقوں میں قدرتی وسائل کے وسیع ذخائر موجود ہیں، جام کمال

ان سے بھرپور استفادے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے بین الاقوامی توانائی، معدنیات اور تحقیقی مشاورتی ادارے وڈ میکنزی (Wood Mackenzie) کے وفد نے اہم ملاقات کی۔ جس میں پاکستان کے معدنی شعبے میں غیر ملکی سرمایہ بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

عمران خان سے ملاقاتوں کا تعلق 28 ویں ترمیم اور چھوٹے صوبوں کی تشکیل سے جڑا ہے، سعد رفیق

شاید سندھ کی تقسیم پر پیپلز پارٹی کے نہ ماننے کے بعد دوتہائی اکثریت کیلئے یہ تجویز عمران خان کو دی جارہی ہو، سابق وفاقی وزیر کا بیان

کسی ڈیل کے ذریعے چھوٹے صوبوں کی تشکیل پیچیدگیاں مزید بڑھا سکتی ہے اور اس کار خیر کی اصل روح کو نقصان پہنچا سکتی ہے

لاہور (جی این ایم) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے عمران خان کی جیل میں ملاقاتوں، مجوزہ 28 ویں آئینی ترمیم، نئے صوبوں کی تشکیل اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج بارے تجزیہ پیش کرتے ہوئے ایک نئے بقیہ نمبر 09 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

یمن میں حکومتی فورسز اور حوثی باغیوں کے درمیان لڑائی شدت اختیار کرگئی

حوثیوں کے خلاف 773 توپ خانے کے، 44 ڈرون، 37 راکٹ حملے، 138 جنگجو ہلاک یا زخمی

ریاض/صنعا (این این آئی) عرب میڈیا پر دعویٰ کیا جارہا ہے کہ یمن میں سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز اور ایران نواز حوثی باغیوں کے درمیان لڑائی شدت بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

لکی مروت، فتنہ الخوارج کے ہاتھوں شہری اغوا
پولیس اور سی ٹی ڈی کی مشترکہ کارروائی میں دو دہشتگرد ہلاک

علاقے میں دہشت گردوں کے ممکنہ ٹھکانوں اور دیگر ساتھیوں کی تلاش کے لیے وسیع پیمانے پر سرچ آپریشن جاری ہے

سیکورٹی فورسز عوام کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

پشاور (نیوز ڈیسک) خیرو خیل پکہ میں ایک چرواہے کے اغوا کی اطلاع پر پولیس، سی ٹی ڈی، مقامی امن کمیٹی کی جانب سے اغوا کار کی پہاڑی علاقے کی طرف لے جانے کی اطلاع پر پولیس، سی ٹی ڈی اور مقامی امن کمیٹیوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا پیچھا کیا۔ پشاور کے علاقے غزنی خیل کی حدود خیرو خیل پکہ میں ایک چرواہے کو فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے اغوا کیا، اے پی سیز اور کمیٹیوں بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں


وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی منرلز انویسٹمنٹ فورم میں بلوچستان کے اسٹال کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کا اعلان کردیا

پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے کمی کی گئی ہے جس کے نتیجے میں پیٹرول کی نئی قیمت 332 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے

ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 4 روپے فی لیٹر کمی کردی گئی ہے نئی قیمت 360 روپے فی لیٹر ہوگی' اطلاق 13 نومبر 2026 کے لیے ہوگا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کردی اور نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

جے ڈی وینس کا جنگ کے خاتمے کیلئے ایران سے براہ راست ملاقات پر غور، ٹرمپ نے اختیار دیدیا، رپورٹ

وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق جے ڈی وینس ایران جنگ ختم کرنے کیلئے ایران کی قدامت پسند قیادت سے ملنے پر آمادہ ہیں

صدر ٹرمپ نے اپنے معاونین اور بعض عالمی رہنماؤں کو بتایا ہے کہ انہوں نے وینس کو ایران کے ساتھ مذاکرات کرنے کی اجازت دی ہے

واشنگٹن (آئی این پی) ایران جنگ کے خاتمے کیلئے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس ایرانی رہنما بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبے نہیں بنائے جا سکتے' بیرسٹر عقیل ملک

بانی پی ٹی آئی سے وکلاء کی ملاقات ہوگی، حکومت نے تاحال کسی آئینی ترمیم پر کام شروع نہیں کیا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیرمملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ حکومت نے باضابطہ طور پر کسی ترمیم پر کوئی کام شروع نہیں کیا، اس بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل بروز جمعہ 13 نومبر کو سہ پہر تین بجے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں



کراچی، میزان بینک کی جانب سے منعقدہ تقریب میں وزیرخزانہ، گورنر اسٹیٹ بینک اور دیگر شریک ہیں

گلگت بلتستان کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی، محسن نقوی

وزیر داخلہ سے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کی ملاقات، امن وامان اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کی ترقی، امن واستحکام اور سیاحت کے فروغ کیلئے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

ناکہ بندیوں میں معاونت اعلانِ جنگ تصور ہوگی' ایران

محاصرے میں شامل ہونے والے ممالک کو اس کے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے، محمد مخبر

تہران (آئی این پی) ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محمد مخبر نے خطے کے ہمسایہ ممالک اور دیگر بین الاقوامی فریقوں کو خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا

لاہور (نیوز ڈیسک) عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو لاہور کی کوٹ لکھپت جیل سے رہا کردیا گیا ہے۔ نورین نیازی بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

مستونگ میں بارود سے بھری گاڑی کے ذریعے حملہ ناکام، 3 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں نے سیکورٹی پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی دھماکے میں دو شہری شہید، تین ایف سی اہلکاروں سمیت متعدد افراد زخمی

دہشتگردوں کا بلوچستان کے عوام سے کوئی تعلق نہیں، سیکورٹی فورسز نے بڑے حملے کے عزائم ناکام بنائے ہیں' ترجمان بلوچستان پولیس

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں قومی شاہراہ این 25 پر کنڈ وپوسٹ کے مقام پر بارود سے بھری گاڑی کے ذریعے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا، سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں تین حملہ آور ہلاک ہوگئے، تاہم بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

کلگام واقعہ اور بھارتی میڈیا کا پاکستان مخالف پروپیگنڈا

پرانے الزامات اور فرسودہ ہتھکنڈوں کے ذریعے پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش

اسلام آباد (آن لائن) کلگام میں سی آر پی ایف پر حملے سے متعلق بھارتی میڈیا میں سامنے آنے والی خبروں اور پاکستان پر عائد کیے جانے والے الزامات نے ایک بار پھر بھارتی ذرائع ابلاغ کے کردار اور اس کے یک طرفہ بیانیے پر سوالات بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں

یو اے ای میں قیامت خیز حادثہ
بے قابو ٹرک نے 22 گاڑیوں کو کچل دیا، 4 افراد ہلاک، 30 سے زائد زخمی

فجیرہ کی مرکزی شاہراہ پر 5 میں ٹرکوں اور 18 گاڑیوں کے تصادم کے بعد آگ لگنے سے خوفناک حادثہ پیش آیا

جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں اماراتی، پاکستانی، بھارتی، عمانی، برازیلی، اردنی اور مصری شہری بھی شامل ہیں

فجیرہ (نیوز ایجنسیاں) متحدہ عرب امارات کی ریاست فجیرہ میں خوفناک ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 14 افراد جاں بحق اور 30 زخمی ہوگئے جبکہ حادثے میں 18 گاڑیاں اور پانچ ٹرک شامل تھے۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق جاں بحق بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پرملاحظہ کریں


آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر دورہ تربت کے موقع پر پولیس دربار میں اہلکاروں کے مسائل سن رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کا شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال کی سیلائٹ فارمیسی کا دورہ اور ادویات کی فراہمی سے متعلق سہولیات کا جائزہ۔

مستونگ: شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال عوام کیلئے بڑی سہولت، ٹراما سینٹر کی تعمیر جلد مکمل ہوگی، ڈپٹی کمشنر

مستونگ اور گردونواح کے عوام کو علاج کی سہولیات اپنے ضلع میں فراہم کریں گے، بہرام سلیم بلوچ

مستونگ (پ ر) ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ نے کہا ہے کہ شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال نہ صرف ضلع مستونگ بلکہ آس پاس کے علاقوں کے عوام کیلئے بھی کسی نعمت سے کم نہیں۔ حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ صحت کے اس اہم ادارے کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو تمام ضروری طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہیں۔ اسی سلسلے میں ہسپتال میں ٹراما سینٹر کی تعمیر بھی جاری ہے، جسے جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال کے اچانک دورے کے موقع پر کیا۔ اس دوران انہوں نے ہسپتال میں علاج معالجے کیلئے آنے والے مریضوں اور ہسپتال انتظامیہ سے گفتگو بھی کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس عبدالحفیظ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ہسپتال پہنچنے پر سی ای او ڈاکٹر سلیم اکبر رئیسانی، آر ایم او جنرل اور دیگر عملے نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے مختلف شعبوں اور وارڈز کا دورہ کرایا اور طبی سہولیات، انتظامی امور اور ہسپتال کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر بہرام سلیم بلوچ نے ہسپتال کی کارکردگی اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ روزانہ بڑی تعداد میں مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کرنا اور ہسپتال کے نظام کو بہتر انداز میں چلانا قابلِ تعریف ہے۔ اس بہترین کارکردگی پر ہسپتال انتظامیہ اور طبی عملہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہسپتال انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی تاکہ مستونگ اور گردونواح کے عوام کو علاج معالجے کی سہولیات اپنے ہی ضلع میں میسر آسکیں۔

بی آئی ٹی ٹی کا مشاورتی اجلاس چیئرپرسن تھنک ٹینک راحیلہ درانی کی زیرِ صدارت منعقد

وزیراعلیٰ کے مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل و تھنک ٹینک کی جانب سے اویس جدون کی شرکت

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک (بی آئی ٹی ٹی) کا مشاورتی اجلاس چیئرپرسن تھنک ٹینک بلوچستان محترمہ راحیلہ حمید درانی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل اور تھنک ٹینک کی جانب سے اویس جدون نے شرکت کی۔ اجلاس میں تھنک ٹینک اور سوسائٹی کی جانب سے پاکستان میں 2026 میں منعقد کیے گئے ایونٹس کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرپرسن محترمہ راحیلہ حمید درانی نے ایونٹس کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئندہ بھی اس طرح کے ایونٹس کا انعقاد جاری رکھا جائے گا تاکہ ملک میں مثبت سوچ اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور صوبے کی ترقی اور امن کے قیام کے لیے سرگرم عمل افراد اور اداروں کی حوصلہ افزائی جاری رکھی جائے گی، بالخصوص بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے والوں کو ہر فورم پر سپورٹ کیا جائے گا

ٹی ایچ کیو ہسپتال استامحمد میں دو روزہ مفت آئی کیمپ کا افتتاح

استامحمد (نامہ نگار) حکومتِ بلوچستان کا پروگرام برائے انسدادِ جذام اور نابینا پن (لیپروسی اینڈ بلائنڈنس کنٹرول پروگرام) (حکومتِ بلوچستان کے محکمہ انسدادِ جذام و نابینا پن (Leprosy & Blindness Control Programme MALC) کے تعاون سے ٹی ایچ کیو ہسپتال استامحمد میں دو روزہ مفت آئی کیمپ کا افتتاح کر دیا گیا۔ دو روزہ مفت آئی کیمپ کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر استامحمد، محمد رمضان پالال اور ضلع ناظم صحت آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کیا۔ اس دو روزہ فری آئی کیمپ کا مقصد استامحمد اور گردونواح کے عوام، بالخصوص گنداخہ اور دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے مریضوں کو آنکھوں کے علاج اور آپریشن کی مفت سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ کیمپ کے پہلے روز مریضوں کی ایک بڑی تعداد نے اوپی ڈی میں ماہر ڈاکٹروں سے معائنہ کروایا۔ مستحق مریضوں کے آنکھوں کے آپریشن آج کیے جا رہے ہیں، جبکہ مزید آپریشن کل بھی جاری رہیں گے۔ یہ اقدام استامحمد، گنداخہ اور دیگر دور دراز علاقوں کے عوام کے لیے ایک بڑی سہولت ہے، جس کے ذریعے انہیں اپنے ہی شہر کے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں دو روز تک آنکھوں کے علاج، معائنے اور آپریشن کی سہولیات میسر آ رہی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم استامحمد حکومتِ بلوچستان، وزیرِ صحت، سیکرٹری صحت، ڈائریکٹر جنرل صحت اور بالخصوص میر فیصل خان جمالی، وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان کی خصوصی توجہ، تعاون اور کاوشوں پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے، جن کی بدولت عوامی مفاد کا یہ اہم اقدام ممکن ہوسکا۔

ملازمین کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ڈائریکٹر افرادی قوت

کوئٹہ (باخبر نیوز) ڈائریکٹر افرادی قوت تربیت ارشاد احمد نے کہا ہے کہ ملازمین کے مسائل کا حل اور ان کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، گزشتہ سال منسٹریل کیڈر کے سروس رولز کی منظوری کے بعد بڑی تعداد میں اہلکاروں اور افسران کو ترقیاں دی گئیں، جبکہ اسٹینوگرافر کیڈر کے سروس رولز بھی جلد مکمل کر لیے جائیں گے، جس کے بعد اس کیڈر کے افسران اور ملازمین کی ترقیوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیبر کا مین پاور ٹریننگ یونٹ کے رکن چوہدری صغیر عباس کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، وفد میں بلال محمد حسنی اور فرخ شہزاد بھی شامل تھے۔ ارشاد احمد نے کہا کہ محکمے کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

صوبے کی معیشت کا دارومدار شعبہ لائیو اسٹاک مویشی بانی پر ہے، ڈاکٹر گوہر خان

مالداروں اور مویشی پال حضرات کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے، افسران سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کوئٹہ ڈویژن، ڈاکٹر گوہر خان مندوخیل کی زیرِ صدارت ڈویژنل ڈائریکٹر آفس میں ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسرز (DLOs) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر داؤد خان، ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر قلعہ عبداللہ ڈاکٹر تاج محمد ترین، ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر پشین ڈاکٹر سلیم اللہ خان اور ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر چمن ڈاکٹر محمد ادریس اچکزئی اور ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے افسران ڈاکٹر نصیب اللہ جالدینی اور ڈاکٹر سلیم الحق نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل ڈائریکٹر ڈاکٹر گوہر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارے صوبے کی معیشت کا دارومدار شعبہ لائیو اسٹاک (مویشی بانی) پر ہے، لہٰذا اس پسماندہ صوبے کے غریب مالداروں اور مویشی پال حضرات کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ وہ جانوروں کی بہتر دیکھ بھال، بروقت علاج معالجے اور حفاظتی (ویکسینیشن) کی مہم پر خصوصی توجہ دیں تاکہ قیمتی مویشیوں کو مختلف وبائی امراض سے محفوظ رکھا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل جمالی، سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح محمد بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد فاروق ترین کا بھی یہی وژن اور کوشش ہے کہ محکمے کے ڈاکٹرز اور تمام عملہ فیلڈ میں متحرک رہ کر مالداروں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کریں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دور دراز علاقوں میں موبائل ویٹرنری کیمپس کا انعقاد یقینی بنایا جائے گا اور مالداروں کو جدید ٹیکنالوجی و مویشی بانی کے جدید طریقوں سے روشناس کرایا جائے گا تاکہ وہ معاشی طور پر مستحکم ہوسکیں۔ آخر میں ڈویژنل ڈائریکٹر ڈاکٹر گوہر خان مندوخیل نے سختی سے اس بات پر زور دیا کہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ (کمپرومائز) نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ کسی بھی وقت تمام ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے اچانک دورے (سرپرائز وزٹ) کر سکتے ہیں، لہٰذا تمام اصل ملازمین کی اپنی جائے تعیناتی پر حاضری ہر صورت یقینی ہونی چاہیے۔ انہوں نے تمام ڈی ایل اوز، ڈاکٹرز اور عملے سے پُرزور اپیل کی کہ وہ باہمی مشاورت اور ایک ٹیم ورک کے جذبے کے تحت کام کریں تاکہ عوام کی بہترین خدمت کی جاسکے، اور امید ظاہر کی کہ تمام افسران و اہلکار اس مشن میں بھرپور تعاون کریں گے۔



کوئٹہ: ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو اسٹاک کوئٹہ ڈاکٹر گوہر خان مندوخیل ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس

اساتذہ کی حاضری و بنیادی سہولیات کا جائزہ، دو مسلسل غیر حاضر اساتذہ کی برطرفی کی سفارش

حب (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس، تعلیمی اداروں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری اور بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ، دو مسلسل غیر حاضر اساتذہ کی برطرفی کی سفارش ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس حب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) حب، تمام ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (DDEOs)، آر ٹی ایس ایم (RTSM) کے نمائندے، ٹیچرز ایسوسی ایشن کے نمائندے اور یونیسیف (UNICEF) کے نمائندے نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع حب کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، تعلیمی معیار، افسران کی وزٹ رپورٹس، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی اداروں میں دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے اپنے اپنے علاقوں کے تعلیمی اداروں کی صورتحال، دوروں کے نتائج اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران مسلسل غیر حاضر (Chronic Absentees)، عارضی یا کبھی کبھار غیر حاضر (Casual Absentees) اور عادی طور پر غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے معاملات کا خصوصی طور پر جائزہ لیا گیا۔ ریکارڈ اور وزٹ رپورٹس کی روشنی میں دو مسلسل غیر حاضر اساتذہ کے خلاف ملازمت سے برطرفی کی سفارش کی گئی

جامعہ گوادر میں اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت

گوادر (پ ر) جامعہ گوادر کے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ (ASARB) کا دوسرا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات و ڈائریکٹر گریجویٹ اسٹڈیز آفس ڈاکٹر رحیم مہر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ، ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر رابعہ اسلم اور ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر محمد ارشاد نے شرکت کی۔ دورانِ اجلاس گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اکیڈمک گریجویٹ پالیسی کی منظوری سمیت گریجویٹ تعلیم سے متعلق مختلف پالیسی امور کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس کے دوران جامعہ میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے اور تحقیقی معاملات کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ شرکاء نے اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے شعبوں میں ادارہ جاتی استعداد بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ بورڈ نے جامعہ گوادر میں مستقبل میں شروع کیے جانے والے نئے تعلیمی پروگرامز، بالخصوص ایم ایس اور پی ایچ ڈی سطح کے پروگرامز سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں داخلہ ٹیسٹ کے طریقہ کار، متعلقہ انتظامی تیاریوں اور پروگرامز کے آغاز کے لیے درکار اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

تجارتی بحالی سے متعلق کور کمانڈر کا بیان قابل تحسین ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے متعلق نئے کور کمانڈر کے بیان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے کور کمانڈر کی تعیناتی اور ان کی جانب سے صوبے میں تجارت و کاروبار کے فروغ کے عزم کا اظہار بلوچستان کے لیے ایک نیک شگون ہے۔ اس بیان سے تاجر برادری، کاروباری حلقوں اور عوام میں امید کی نئی فضا پیدا ہوئی ہے کہ صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی، معاشی استحکام اور روزگار کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی عرصے سے تجارتی سرگرمیاں مختلف رکاوٹوں اور مشکلات کا شکار ہیں، جس کے باعث نہ صرف تاجر برادری اور کاروباری طبقہ متاثر ہوا ہے بلکہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار اور معاشی حالات پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ تجارت کے محدود مواقع، کاروباری مشکلات اور معاشی سرگرمیوں میں کمی نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کیا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ نئے کور کمانڈر کی جانب سے تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کو اہمیت دینا ایک مثبت پیش رفت ہے۔

لواحقین کے انٹرویوز و دیگر زیرِ التوا امور پر پیش رفت خوش آئند اقدام ہے، جمال شاہ کاکڑ

الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے وفد کا لواحقین سے ملاقات، انکی مشکلات سنی گئیں

اصل کریڈٹ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر امین اللہ مندوخیل اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ کی قیادت میں ایک وفد نے لواحقین کے انٹرویوز کے اندراج کے عمل کا جائزہ لیا اور اس سلسلے میں لواحقین کو درپیش مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے ملاقات کی۔ اس موقع پر لواحقین کی مشکلات سنی گئیں اور انہیں حوصلہ افزائی فراہم کی گئی۔ وفد میں صوبائی سینئر نائب صدر محمد نسیم کاکڑ، جوائنٹ سیکرٹری ملک الیاس شاہوانی، فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ یونٹ کے صدر عزیز بلوچ اور ڈسٹرکٹ کچھی بولان کے صدر محمد رفیق بنگلزئی بھی شامل تھے۔ اس موقع پر صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ نے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر امین اللہ مندوخیل، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر آصف شاہوانی، ایڈمن ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ عطا محمد لانگو اور ان کی پوری ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ لواحقین کے انٹرویوز اور دیگر زیرِ التوا امور پر پیش رفت خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم پیش رفت کا اصل کریڈٹ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر امین اللہ مندوخیل اور ان کی پوری ٹیم کو جاتا ہے، جنہوں نے اپنی مسلسل محنت، دلچسپی اور سنجیدہ کوششوں کے ذریعے کئی سالوں سے زیرِ التوا لواحقین کے مسائل کو حل کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
Ministry of Planning, Development & Special Initiatives
Pakistan Bureau of Statistics
Statistics House, 21-Mauve Area, G-9/1
Islamabad

SITUATIONS VACANT

Pakistan Bureau of Statistics (PBS) is an attached department of Ministry of Planning Development & Special Initiatives, the prime official agency responsible for collection, compilation and dissemination of reliable and timely Statistical information, which is essentially required for the policy makers, planners and researchers.
Applications are invited from citizens of Pakistan having domicile of Balochistan for recruitment against the following posts lying vacant in PBS on temporary, through walk-in interview.

PAKISTAN BUREAU OF STATISTICS

Sr#	Name of Post & BPS	Number of Vacant Posts in Balochistan Quota		Educational Qualification & Experience	Age Limit
1.	Statistical Assistant (BS-15) FBS Wing	34	Disable= 03 Open Merit= 26 Women= 03 Minorities= 02	Bachelors Degree with Statistics / Economics / Mathematics / Sociology, Business Administration, Geography, Commerce or any other Social or Physical Science involving the use of Statistical methods.	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
2.	Statistical Assistant (BS-15) PCO Wing	07	Disable= 02 Open. Merit= 04 Women= 01	Bachelors Degree with Statistics / Economics / Mathematics / Sociology	
3.	Assistant (Ministerial) (BS-15) FBS Wing	02	Open Merit= 02	Graduate [6 weeks Basic IT Training Course (including MS Office conducted by NITB) is mandatory after selection before completion of probation period]	18-28 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
4.	Stenotypist (BS-14) FBS Wing	03	Disable= 01 Open Merit= 02	a). Intermediate b). Minimum speed of 80 / 40 w.p.m in shorthand / typing respectively c). Must be Computer literate.	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
5.	Data Entry Operator (BS-14). FBS Wing	09	Disable= 03 Open Merit= 05 Women= 01	Bachelors Degree in Physics / Mathematics / Statistics / Economics with a minimum speed of 10,000 key depression per hour for data entry	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
6.	Upper Division Clerk (BS-13) PCO Wing	01	Open Merit= 01	Intermediate [3 weeks Basic IT Training Course (including MS Office conducted by NITB) is mandatory after selection before completion of probation period]	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
7.	Lower Division Clerk (BS-11) FBS Wing	01	Open Merit= 01	(i) Matric. (ii) Minimum typing speed of 30 w.p.m (iii) [3 weeks Basic IT Training Course (including MS Office conducted by NITB) is mandatory after selection before completion of probation period]	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
8.	Telephone Operator (BS-09) FBS Wing	01	Open Merit= 01	a). Intermediate with two years' experience	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
9.	Driver (BS-04) FBS Wing	03	Open Merit=03	i). Must be able to read simple Urdu (ii) Must be competent licensed driver having driving experience of operational vehicles meant for field duty of at least two years and must be well versed in the rules of the road. iii). Must have a working knowledge of the mechanism of vehicles and their engines.	18-30 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
10.	Dark Room Assistant (BS-03) FBS Wing	02	Open Merit=02	i). Should be able to read and write Urdu ii). Two years' experience in processing and developing of Photographers	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
11.	Chowkidar (BS-01) FBS Wing	02	Open Merit=02	a). Primary b). Ex- Service man will be preferred	18–25 years (05 years General Age Relaxation + 05 years' additional relaxation for candidates from Balochistan)
12.	Sanitary Worker (BS-01) FBS Wing=01 PCO Wing=01	02	Open Merit=02	Primary	

Terms and Conditions / General Information

1. Only the candidates possessing **Balochistan Local/Domicile Certificate** are eligible to apply.
2. Recruitment will take place at the doorstep (at District level) with the help of newly established Employment Cells in the Districts of Balochistan as a special case to ensure recruitment of residents.
3. Applications should be submitted through the **National Job Portal (www.njp.gov.pk)** using the dedicated tab created for this recruitment exercise.
4. Recruitment will be done through Walk-in-Interview process (No Entry & Written Test).
5. Only shortlisted candidates will be called for the interview.
6. If suitable candidate against the 10% reserved quota for women and 5% for minorities are not available at the time of the selection, then the vacancies will be filled on open merit from amongst eligible candidates of Balochistan.
7. Candidates must bring original documents at the time of interview.
8. The competent authority reserves the right to modify the recruitment process or to increase or decrease the number of posts or to cancel the process at any stage.
9. In case none of the candidates have any certifications at the time of the selection, the selected candidates shall acquire the prescribed proficiency through departmental on-the-job training after joining within probation period. Their proficiency shall be assessed before confirmation, and failure to acquire it shall be dealt with under the applicable probation and service rules.
10. No TA/DA will be admissible for appearing in the interview.
11. The interested candidates shall apply online through the National Job portal at **(www.njp.gov.pk) within Fifteen (15) days** of the publication of this advertisement.
12. Candidates already in Government service should apply through proper channel and must provide NOC otherwise application will not be entertained and they have no right to claim.
13. The applicants must submit **separate applications** if applying for more than one post.

URAAN PAKISTAN

(Qazi Saeed ul Hassan)
Director (Admn)
Pakistan Bureau of Statistics
21-Mauve Area, G-9/1, Islamabad
Ph: 051-9106588, E-mail:www.pbs.gov.pk

PID(I)4388/26

40x4

بقیہ 01

مشترکہ دفاعی ذمہ داریوں کو عملی شکل دینے کے لیے ایسے اقدامات کیے جا رہے ہیں جن سے ضرورت پڑنے پر سعودی عرب میں منتقلہ فوجی دستوں اور دفاعی صلاحیتوں کی فوری تعیناتی ممکن ہو سکے، پاکستان دفاعی مقاصد کے لیے سعودی عرب کو درکار ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا، 26 اکتوبر کو تہران میں ایران کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی کم کرنے کا لائحہ عمل تیار کرنا تھا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران ملاقات میں شرکت پاکستان کی مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کا اظہار ہے۔ عرب اخبار الشرق الاوسط کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی مشترکہ دفاعی ذمہ داریوں کو عملی شکل دینے کے لیے ایسے اقدامات کیے جا رہے ہیں جن سے ضرورت پڑنے پر سعودی عرب میں منتقلہ فوجی دستوں اور دفاعی صلاحیتوں کی فوری تعیناتی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات میں فوجی تیاری کی سطح میں اضافہ، عسکری انضمام کو مضبوط بنانا، انٹیلی جنس معلومات کا تبادلہ اور مکمل طور پر دفاعی نوعیت کی کارروائیوں کے لیے رابطہ کاری شامل ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ پاکستانی فوج پہلے ہی مختلف ذمہ داریوں کے تحت سعودی عرب میں موجود ہے اور ان کا بنیادی کردار دفاعی معاونت، تربیتی مشقوں اور فوجی مشقوں میں شرکت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دفاعی مقاصد کے لیے سعودی عرب کو درکار ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا، جس میں فوجی عملہ، دفاعی صلاحیتیں، تربیت اور لاجسٹک مدد شامل ہیں تاہم سعودی عرب میں پاکستانی فوجیوں کی تعداد یا ان کی تعیناتی کے مقامات کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عسکری اتحادوں میں ایسی معلومات عام طور پر منظر عام پر نہیں لائی جاتیں۔ پاک فوج کے ترجمان نے کہا کہ مکہ دفاعی اتحاد کے عملی اقدامات کا فیصلہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے بعد کیا گیا۔ انہوں نے ہوائی اڈوں، شہروں اور شہری و اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے خلاف اقدام ہیں اور خطے کے امن و استحکام کے لیے خطرہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین اور غیر متنازع ترجیح ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ساتھ ہی کشیدگی میں کمی، تحمل اور سفارتی حل کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ مزید تصادم کسی کے مفاد میں نہیں۔ پاک فوج کے ترجمان نے بتایا کہ 26 اکتوبر کو تہران میں مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے نمائندوں اور ایرانی حکام کے درمیان ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی میں کمی اور علاقائی تعاون کے لیے ایک فریم ورک تشکیل دینا تھا۔

بقیہ 02

کا اعتماد قابل تحسین ہے، فورم سے اس شعبے کو ترقی ملے گی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا کہ آزاد کشمیر کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے کہا کہ معدنیات کی تلاش کے لیے لائسنس کے اجراء سمیت دیگر سہولیات کے لیے پورٹل موجود ہے، سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد معدنی شعبے کی ترقی کے لیے اہمیت کا حامل ہے، پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔ پنجاب 5 دریاں کی سرزمین ہے۔ پاکستان میں بے پناہ قدرتی وسائل اور غیر معمولی صلاحیت موجود ہے، قدرتی وسائل سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پاکستان میں بہت پوٹینشل ہے، پنجاب کے دریاں میں قدرتی طور پر بہنے والا خالص سونا موجود ہے۔ پنجاب میں کوئلے، گرینائٹ، پنک سالٹ اور راک سالٹ کے ذخائر موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ

پنجاب کے دریاں میں سونے کی مقدار معلوم کرنے کے لیے سروے جاری ہیں، دریاں میں سونے کے وافر ذخائر کے شواہد ملے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ دریائی ریت اور بجری میں سونے کے علاوہ قیمتی معدنیات اور دھاتیں بھی موجود ہیں۔ پنجاب کے قدرتی وسائل کو مشترکہ دولت اور خوش حالی میں بدلنا چاہتے ہیں۔ پنجاب کے معدنی وسائل سے استفادے کے لیے تجارتی شراکت داریوں کی تلاش جاری ہے، جبکہ صوبے میں کاروبار کے لیے سستے نرخوں پر زمین فراہم کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ معدنی شعبے کی ترقی سندھ حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لیے تیار ہے، صوبے میں سیکیورٹی کے ساتھ تمام ضروری سہولتیں بھی فراہم کریں گے۔ حکومت نے منرل کوریڈور کے لیے نیا سیکیورٹی ڈویژن قائم کیا ہے، جبکہ ایف سی کا نیا ونگ بھی بنایا جا رہا ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں سرخ فیتے کی رکاوٹ نہیں ہوگی، سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 03

تعلقات کا اعادہ کیا اور دوطرفہ تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعظم اور ترک صدر نے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جس میں بالخصوص تجارت و سرمایہ کاری، دفاعی تعاون، توانائی کے شعبے میں اشتراک اور علاقائی روابط کے فروغ پر توجہ مرکوز رہی۔ دونوں رہنماں نے جاری اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے اور اقتصادی روابط کو مزید مستحکم بنانے کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور عالمی سطح پر ہونے والی

اہم پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے فروغ کے لیے علاقائی ممالک، بالخصوص معاہدہ مکہ کے رکن ممالک کی جاری کوششوں کو اجاگر کیا۔ صدر رجب طیب اردوان نے پاکستان کے تعمیری کردار اور ان سفارتی کوششوں کو سراہا جن کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کے دوران مستقل حمایت اور قریبی رابطہ کاری پر صدر اردوان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماں نے خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت تمام فریقین کی جانب سے اپنے وعدوں اور ذمہ داریوں کی پاسداری کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماں نے قومی مفاد کے بنیادی امور پر ایک دوسرے کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان باہمی اعتماد اور یکجہتی کی دیرینہ روایت کا مظہر ہے۔ دونوں رہنماں نے برادرانہ تعلقات اور امن و خوشحالی کے مشترکہ وژن کی بنیاد پر پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ سوڈان کی عبوری خودمختار کونسل کے صدر جنرل عبدالفتاح البرہان سے ملاقاتملاقات کے دوران وزیراعظم نے پاکستان اور سوڈان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے سوڈان کی خودمختاری، اتحاد اور سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے موجودہ چیلنجز کے تناظر میں سوڈان کے برادر عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔ دونوں رہنماں نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ

تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر مفید تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 04

اداروں کے قیام پر پابندی عائد کردی، اساتذہ کو انتخابی اور انتظامی ڈیوٹیوں سے بھی استثنیٰ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق وفاقی نظامتِ تعلیم) ایف ڈی ای (کے زیرِ انتظام کسی بھی اسکول یا کالج کی عمارت، کلاس روم یا دیگر سہولیات کو پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کسی بھی مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکے گا، جبکہ اساتذہ کو انتخابی فرائض، مردم شماری، گھریلو سروے اور دیگر انتظامی ذمہ داریوں پر بھی تعینات نہیں کیا جائے گا۔ وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت نے وزیراعظم کی ہدایات پر عمل درآمد کے لیے باضابطہ آفس میمورنڈم جاری کر دیا۔ وزارت کی جانب سے جاری کردہ مراسلے کے مطابق وزیراعظم نے 4 نومبر 2026 کو جاری کردہ ہدایات میں واضح کیا تھا کہ وفاقی تعلیمی اداروں کی عمارتیں اور دیگر سہولیات صرف تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کی جائیں گی اور انہیں کسی بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔ اسکولوں اور کالجوں میں پولیس کیمپ قائم کرنے پر پابندی عائد کردی ہے۔ سرکاری مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ وفاقی نظامتِ تعلیم کے زیرِ انتظام اسکولوں اور کالجوں کی عمارتوں، کلاس رومز اور دیگر سہولیات کو پولیس یا کسی دوسرے قانون نافذ کرنے والے ادارے کے عارضی کیمپ، اہلکاروں کی تعیناتی، حراستی مراکز یا دیگر آپریشنل سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔

WAPDA
Decade of Dams
URAAN PAKISTAN

REQUEST FOR BIDS
PROCUREMENT OF GOODS

1. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** has reserved Funds for the procurement planned for **FY 2026-27**. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"Procurement of Submersible Pumps for Tailrace Tunnel Dewatering System of Neelum Jhelum Hydropower Station"** with the reference of **"P180567"**.
2. The **O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company)** invites sealed Bids from eligible Bidders for procurement of goods described in the bidding documents on **EPADS v2.0**.
3. **Single Stage-One Envelope** will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2026 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority from time to time.
4. All Bids must be accompanied by a Bid Security amount described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of **Pay Order, Call at Deposit, Bank Guarantee, Demand Draft** or all bids must be accompanied by bid securing declaration in the format specified in the Bidding documents
5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS)** at **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/180567** for all the interested bidders registered on **EPADS v2.0.** Bidders are required to get themselves registered on **EPADS v2.0** to participate in Bidding process.
6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding Documents, must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Wednesday, November 25, 2026 02:00 PM**. E-bids will be opened using **EPADS v2.0** on the same day at **Wednesday, November 25, 2026 02:30 PM**. Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of **EPADS v2.0**, may register themselves on https://vendors.epads.gov.pk/. A tutorial to explain the registration process is available at https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc.

Asstt. Director (E&M) Contracts
O/O CEO-NJHPC (Neelum Jhelum Hydropower Company),
C3 WAPDA Colony, Chattar Kalas, Muzaffarabad AJK.
+92-312-708-8871 , sardarzahid728@gmail.com

PID(L) 1216/26 PRD(L)WAPDA/128(2026-27)

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے
روزنامہ باخبر 13 نومبر 2026ء



ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے

عاصم کرد گیلو

حکومت صوبے کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے، صوبائی وزیر ریونیو

صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے حکومت اور سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت اہم سیاسی تبدیلیوں کے مرحلے سے گزر رہا ہے اور حکومت صوبے کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار حکومت کی اولین ترجیح ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



اوستہ محمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر ریٹائرڈ ملازم کو 27 لاکھ 34 ہزار روپے پنشن کی ادائیگی

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر جینکو ڈیپارٹمنٹ کے ایک ریٹائرڈ ملازم امیر افضل کو پنشن کی مد میں 27 لاکھ 34 ہزار روپے ادا کر دیے گئے درخواست گزار امیر افضل نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ میں دائر درخواست میں مؤقف اختیار کیا تھا کہ وہ جینکو ڈیپارٹمنٹ میں بطور فنٹر فرائض سرانجام دیتے رہے، تاہم ریٹائرمنٹ کے نو ماہ گزرنے کے باوجود انہیں پنشن کی رقم ادا نہیں کی جا رہی تھی انہوں نے بتایا کہ پنشن کے حصول کے لیے متعدد مرتبہ متعلقہ دفتر سے رجوع کیا، لیکن ان کی درخواست پر کوئی مؤثر کارروائی نہیں ہوئی، جس کے بعد انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل سے فوڈ اتھارٹی کے افسران کی ملاقات

اشیائے خورد و نوش کے معیار کو یقینی بنانے، ملاوٹ کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل سے آج فوڈ اتھارٹی کے افسران نے ملاقات کی جس کے دوران انہیں ضلع نصیر آباد سمیت ڈویژن بھر میں اشیائے خورد و نوش کے معیار کو یقینی بنانے، ملاوٹ کی روک تھام اور غیر معیاری خوراک فروخت

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

زمیندار ایکشن کمیٹی کا قدیم گاؤں لونی میں اہم مشترکہ اجلاس منعقد

سیوی (نامہ نگار) سیوی کے قدیم گاؤں لونی میں زمیندار ایکشن کمیٹی کا ایک اہم مشترکہ اجلاس سردار عبیداللہ خان لونی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں ضلع سیوی کے چھوٹے بڑے زمینداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی زمیندار محمد انور داپال نے انجام دی اور زمینداروں کے 17 نکاتی مشترکہ مسائل تحریری طور پر پڑھ کر سنائے۔ اس موقع پر تمام شرکاء نے فرداً فرداً اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں، جنہیں بغور سنا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل کے لیے نوٹ کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع سیوی کے زمینداروں کو درپیش مختلف

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کشمیر کوٹ میں کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

لورالائی میں لائیو اسٹاک منصوبے کے 90 لاکھ روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کے لیے کمیٹی قائم

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت یونین کونسل شاہ کاریز میں بی آر ایس پی (BRSP) اور پی پی اے ایف (PPAF) کے اشتراک سے جاری لائیو اسٹاک منصوبے میں تقریباً 90 لاکھ روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور بدعنوانی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کے جائزے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بی آر ایس پی کے سینئر نمائندگان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران منصوبے کے مالی و انتظامی معاملات، فنڈز کے استعمال، مستحقین کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور منصوبے پر عمل درآمد سے متعلق مختلف شکایات اور الزامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے معاملے کی سنگینی

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کنٹریکٹ پالیسی اور نجکاری ملازمین کے معاشی استحصال کا سبب بن رہی ہے

نیوٹراما سینٹر کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی تشویشناک ہے جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ، جنرل سیکریٹری حاجی رحمت اللہ دہوار اور چیئرمین غلام حیدر جھلگری نے اکاؤنی روڈ نیوٹراما سینٹر کے ملازمین کو کئی ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش کا اظہار

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



لورالائی، کمشنر ولی محمد بڑیچ سے انجینئر عبدالمالک میاں خیل ملاقات کر رہے ہیں

چشمہ میں غیر قانونی کرش پلانٹ سیل، اسسٹنٹ کمشنر صدر کی کارروائی میں 10 افراد گرفتار

قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی غیر قانونی صنعتی سرگرمیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی کرش پلانٹ کے خلاف آپریشن، پلانٹ سیل، 10 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی نے چشمہ کے علاقے

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



وکلاء کے گھروں پر چھاپوں کے خلاف عدالتی بائیکاٹ کے باعث وکیل ضلع کچہری کے احاطے میں کھڑے ہیں

کوئٹہ کے تمام نواحی علاقے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، ملک عمر کاکڑ

خان شہید کی برسی 2 دسمبر کو عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائیگی، معلم سعید خان، ملک نادر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا وطن اور برصغیر پاک و ہند کی آزادی کے قافلے کے عظیم سالار خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاری کے سلسلے میں ضلع کوئٹہ کے تحصیل کچلاغ کے مختلف تنظیمی اجلاسوں کے انعقاد کا

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، خانوزئی کلی گوال کے قبائلی معتبرین اسرار احمد، ادریس خان، حاجی حمید اللہ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے صدر جمال شاہ کاکڑ کی کارکردگی قابل تعریف ہے، عزیز بلوچ

انہوں نے ہمیشہ ملازمین کے حقوق کیلئے کام کیا اور ان کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے

کوئٹہ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ یونٹ کے صدر عزیز احمد بلوچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم مینگل، جنرل سیکرٹری ملک الیاس شاہوانی، چیئرمین میر عبدالعلی کھیازئی، ڈپٹی چیئرمین سید

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت عوام کو سہولیات فراہم کرنے میں سنجیدہ نہیں، مولوی عبدالوکیل حقیار

اسلامی نظام کے نفاذ سے مسائل حل ہوں گے جس کیلئے منظم جدوجہد کرنا ہوگی مولوی عبداللہ فرہاد

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام پاکستان ابوالقاسم یونٹ کلی ملیزئی کے امیر مولوی عبداللہ فرہاد جنرل سیکرٹری انجینئر عبدالهادی ترین نائب امیر مولوی

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ شہر میں غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات کا خاتمہ ناگزیر ہے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن

امداد چوک سے اکرم ہسپتال تک تمام موٹر سائیکل اسٹینڈز و غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا جبکہ ہسپتالوں کے پارکنگ کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ کی پانچ اہم شاہراہوں کا سروے سات روز میں مکمل کرنے کی ہدایت، ٹریفک اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے جامع پالیسی مرتب، شہر میں الیکٹرک رکشے چلانے کی تجویز پر بھی غور

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس منعقد

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ویسٹ محمد حنیف، سیکرٹری آر ٹی اے

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد، ٹی ایچ کیو ہسپتال میں آئی کیمپ کا انعقاد

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی کوششوں سے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوستہ محمد میں آنکھوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو علاج معائنہ اور طبی رہنمائی کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال نے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اوستہ محمد ڈاکٹر امیر علی جمالی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، کلچر ڈیپارٹمنٹ اور خانہ فرہنگ ایران کے زیر اہتمام دوسرا آل بلوچستان اقبال شناسی سیشن و سیمینار سے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین ڈی جی خانہ فرہنگ ایران سید ابوالحسن میری، آغا گل اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کا حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 80 فیصد تک بڑھانے کا حکم

والدین کے خدشات دور کرنے کے لیے یونین کونسل اور تحصیل سطح پر خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کا فیصلہ

کراچی / کوئٹہ (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ای پی آئی پروگرام کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بہتر بنانے اور ویکسینیشن سے محروم بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے تفصیلات کے مطابق آج

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

مس آئیڈا اجوڈتھ گل اسسٹنٹ کمشنر چمن تعینات

چمن (خ ن) مس آئیڈا اجوڈتھ گل نے اسسٹنٹ کمشنر چمن کی حیثیت سے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال کر اپنی نئی ذمہ داریوں کا آغاز کرتے

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کمشنر سائرہ عطا کا 15 ارب کی لاگت سے زیر تعمیر تحصیل وندر ڈیم منصوبے کا دورہ

وندر ڈیم سے نہ صرف زرعی انقلاب آئیگا بلکہ 10 ہزار ایکڑ زمین پر کاشت کاری ممکن ہوگی، سائرہ عطا

حب (نمائندہ خصوصی) کمشنر سائرہ عطا کا 15 ارب کی لاگت سے زیر تعمیر ڈسٹرکٹ حب کی تحصیل وندر ڈیم منصوبے کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر سائرہ عطا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وندر ڈیم لسبیلہ کے عوام بالخصوص زراعت، آبپاشی اور علاقے کی معاشی ترقی

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ ڈیرہ اللہ یار ڈرینج منصوبے پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت و معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

ڈیرہ اللہ یار ڈرینج منصوبہ علاقے میں پہلا میگا منصوبہ ہے جسکی تکمیل سے عوام کو درپیش نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل کرنے میں مدد ملے گی

منصوبے کی تکمیل سے شہریوں کو ایک بڑی سہولت میسر آئیگی، منصوبے کے تمام پہلوؤں ڈیزائن ڈراپ پوائنٹس اور تعمیراتی مراحل کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے، میر سلیم احمد کھوسہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ ڈیرہ اللہ یار ڈرینج منصوبہ علاقے میں اپنی نوعیت کا پہلا میگا منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے ڈیرہ اللہ یار کے عوام کو درپیش نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل کرنے میں مدد ملے گی اس اہم منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اللہ یار

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ تاجر برادری کے وفد کی ضلعی انتظامیہ سے ملاقات

بازار کا امن اور تاجروں کا اتحاد ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر مستونگ

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ بازار کے سینئر تاجر برادری کے ایک نمائندہ وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد افضل سرپرہ اور اسسٹنٹ کمشنر اسد اللہ سمالانی سے اہم ملاقات کی۔ وفد میں ڈاکٹر محمد اشرف

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کیسز کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں



وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ وفاقی محتسب آفس بہاولپور کی بلڈنگ کا افتتاح کر رہے ہیں

حب اور لسبیلہ میں ریفائنری اور مائننگ کے شعبوں میں سعودی سرمایہ کاروں کی گہری دلچسپی

حب (نمائندہ خصوصی) حب اور لسبیلہ میں ریفائنری اور مائننگ کے شعبوں میں سعودی سرمایہ کاروں کی گہری دلچسپی، صنعتی ترقی کے نئے امکانات روشن۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کے سرمایہ کاروں کے ایک وفد نے پرنس منصور بن محمد آل سعود، چیئرمین سعودی پاکستان بزنس کونسل، کی سربراہی میں حب اور لسبیلہ میں سرمایہ کاری، بالخصوص ریفائنری اور مائننگ کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے، جس سے بلوچستان میں صنعتی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا ہونے کی توقع ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر کراچی میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (BBOIT) اور بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) کے حکام کے اشتراک سے سعودی سرمایہ کاروں کے وفد سے ملاقات ہوئی۔

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کا غیر اخلاقی سرگرمیوں کے خلاف پولیس کارروائی کا خیر مقدم

غیر اخلاقی سرگرمیوں کے مستقل سدباب اور قانون کی یکساں عملداری یقینی بنانے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مولانا شعیب جدون، عبدالصمد حقیار، مفتی ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کوئٹہ میں فحاشی اور عریانی کے خلاف سول لائنز سٹی پولیس کی ایس پی اور متعلقہ تھانوں کے ڈی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات مکمل

صدر میاں صبیح الرحمان، سینئر نائب صدر راشد رفیق بھٹہ اور محمد نواز چیمہ نائب صدر منتخب

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر میاں صبیح الرحمان نے کہا ہے کہ تاجر، دکاندار اور صنعتکار سب ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں، صنعت کاروں کی بدولت ریاست ترقی

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

تجارتی بحالی سے متعلق کور کمانڈر کا بیان قابل تحسین ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے متعلق نئے کور کمانڈر کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے کور کمانڈر کی تعیناتی اور ان کی جانب سے صوبے میں تجارت و کاروبار کے فروغ کے عزم کا اظہار بلوچستان کے لیے ایک نیک شگون ہے۔ اس بیان سے تاجر برادری، کاروباری حلقوں اور عوام میں امید کی نئی فضا پیدا ہوئی ہے کہ صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی، معاشی استحکام اور روزگار کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی عرصے سے تجارتی سرگرمیاں مختلف رکاوٹوں اور مشکلات کا شکار ہیں، جس کے باعث نہ صرف تاجر برادری اور کاروباری طبقہ متاثر ہوا ہے بلکہ ہزاروں

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر گلاب خان خلجی بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے اشتراک سے انٹرشپ پروگرام کے شرکاء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

چمن میں ایم ایس ایف کا طبی پروگرام بند کرنے کے مجوزہ فیصلے پر نظر ثانی کی جائے، مولانا عبدالمالک

زچہ و بچہ، نوزائیدہ بچوں اور غذائی قلت کے شکار بچوں کی طبی خدمات متاثر ہونے کا خدشہ

بندش سے قبل مقامی آبادی کی طبی ضروریات اور زمینی حقائق کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان مولانا امان اللہ گرگناڑی سردار یحییٰ خان لونی حاجی عبدالرزاق لانگو حاجی امین اللہ امین اور ڈاکٹر حفیظ الرحمن کھوسہ نے اپنے مشترکہ بیان میں چمن شہر

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی حکومت پائیدار امن اور معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے

بخت محمد کاکڑ

کور کمانڈر بلوچستان کا بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند ہے

سرحدی تجارت کا فروغ بلوچستان کی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے۔ صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی بلوچستان میں پائیدار امن، معاشی

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نصیر آباد پولیس کی کارروائی، گرفتار ملزمان ڈکیتی کے ایک دوسرے مقدمے میں بھی مطلوب تھے

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے ڈکیتی کی واردات میں اہم پیش رفت، تین ملزمان گرفتار، لوٹی گئی بھاری نقدی اور متعدد چھینے گئے موبائل فونز برآمد کر لئے گئے ہیں۔ گزشتہ روز ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ مورخہ 08 نومبر 2026 کی شب پولیس تھانہ سٹی کی حدود پانچ مسلح ملزمان نے ٹرانسفارمر مستری محمد ظفر ولد نذیر احمد قوم بھٹی کے کرائے کے مکان میں داخل ہو کر اسلحہ کے زور پر نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز پنچوتھا کے احکامات اور ایس ایس پی نصیر آباد

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

لسبیلہ ڈویژن پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل ۔ ڈی آئی جی عبدالقیوم پتافی کے احسن اقدامات

حب (نمائندہ خصوصی) ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی کے احسن اقدامات کرتے ہوئے لسبیلہ ڈویژن پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل کر دیئے درجنوں اہلکاروں کی سروس و رینک بحال، متعدد کو ترقیاں انہیں دے دی گئیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی کے احسن اقدامات کرتے ہوئے لسبیلہ ڈویژن پولیس ملازمین کے دیرینہ مسائل حل کر دیئے درجنوں اہلکاروں کی سروس و رینک بحال، متعدد کو ترقیاں انہیں دے دی گئیں ہیں لسبیلہ رینج کے پہلے ڈی آئی جی پولیس عبدالقیوم پتافی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی لسبیلہ ڈویژن پولیس افسران اور اہلکاروں کے دیرینہ محکمانہ مسائل کے حل کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی تمام بند ٹرینیں بشمول بولان میل اور چلتن ایکسپریس فوری بحال کی جائیں، ریلوے ورکرز یونین

ٹرینوں کی بندش سے غریب عوام، مریض، طلبا اور ملازمین شدید متاثر ہیں، مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت اور میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ریلوے

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کیے جا رہے

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کلی نوحصار کے ہسپتال میں سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سید ناصر آغا

طبی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث علاقے کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (پ ر) سیاسی و سماجی رہنما سید محمد ناصر آغا شاکرزئی نے کہا ہے کہ کلی نوحصار کے اسپتال میں حملے اور دیگر واقعات کے بعد طبی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث علاقے کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور انہیں علاج معالجے کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



لورالائی، ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع یونیورسٹی آف لورالائی میں BSDI کے تحت تعمیراتی آئی ٹی لیب کا معائنہ کر رہے ہیں

کوئٹہ، یزدان خان ماڈل اسکول میں ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ بیج کی تربیت کا انعقاد

تربیتی سیشنز کا مقصد بچوں میں قدرتی آفات سے بچاؤ کا شعور اور عملی مہارتیں پیدا کرنا تھا

کوئٹہ۔ (پ ر) بلوچستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کی ٹریننگ ٹیم نے یزدان خان ماڈل اسکول میں اسکاؤٹس کے لیے ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ (DRM) بیج کے تحت خصوصی تربیتی سیشنز منعقد کیے، جن کا مقصد بچوں میں قدرتی آفات سے

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا شفیق دولتزئی کے بڑے بھائی شیخ الحدیث مولانا عبدالستار کی اہلیہ انتقال کر گئی

قلعہ سیف اللہ (پ ر) جمعیت س کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولت زئی کے بڑے بھائی ممتاز عالم دین شیخ الحدیث مولانا عبدالستار مرحوم کے اہلیہ جو کہ ممتاز معالج ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ کے بہن تھی دس نومبر کو وفات پا گئی جبکہ مولانا محمد شفیق دولت زئی نو نومبر کو رائے ونڈ سے کوئٹہ آیا جو کہ قائد

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ضلع کوہلو کے قبائلی رہنما وڈیرہ شیریں خان مری کی کارکردگی قابل تعریف ہے، عبدالمالک بلوچ

موصوف عوام کے بنیادی اجتماعی عوامی مسائل کے حل میں پیش پیش ہو کر کام کر رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) قبائلی و سیاسی رہنما عبدالمالک بلوچ محبوب بلوچ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع کوہلو کے قبائلی رہنما وڈیرہ شیریں خان مری کی کارکردگی قابل تعریف ہے موصوف نے ضلع کوہلو کے عوام کے بنیادی اجتماعی عوامی مسائل کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی چشمہ میں کرش پلانٹس کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں



کوئٹہ: ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ (DRM) بیج کی تربیت کی کامیاب تکمیل پر اسسٹنٹ صوبائی سیکرٹری سعد وقاص کی جانب سے پرنسپل ندیم ترین کو یادگاری سووینئر پیش کرتے ہوئے۔ اس موقع پر اسکول کے اسکاؤٹ انچارج غلام رضا چنگیزی اور صوبائی آرگنائزر انیس بیگ بھی موجود ہیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے آریانہ پرنٹرز نسب جیپیر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر نسب جیپیر شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان
روزنامہ "باخبر" کوئٹہ 13 نومبر 2026ء

عالمی تنازعات کا حل طاقت نہیں، سفارت کاری ہے

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مارگلہ ڈائیلاگ 2026 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے کے لیے سفارت کاری، مذاکرات اور کثیرالجہتی تعاون کو ناگزیر قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑی طاقتوں کی مسابقت، طویل تنازعات، اسلحے پر کنٹرول کے کمزور ہوتے نظام اور فوجی طاقت کے بڑھتے استعمال سے عالمی امن کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے تاہم اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے پوری قوت سے اقدامات کرے گا۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل علاقائی امن کے لیے ضروری قرار دیا اور افغانستان کی سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دینے پر زور دیا۔ ان کے مطابق خلیج اور بحیرہ احمر میں عدم استحکام عالمی تجارت اور توانائی کی فراہمی کو متاثر کرسکتا ہے۔ عالمی منظرنامے پر نظر ڈالی جائے تو طاقت کے بل بوتے پر تنازعات حل کرنے کی روش نے دنیا کو امن کے بجائے مزید بے یقینی سے دوچار کیا ہے۔ بڑی طاقتیں اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے فوجی قوت کا سہارا لیتی ہیں، مگر اس کی قیمت کمزور ممالک کے عوام کو جان و مال کی تباہی، معاشی بدحالی اور نقل مکانی کی صورت میں ادا کرنا پڑتی ہے۔ جنگ کا آغاز کرنا آسان، مگر اس کے شعلوں کو بجھانا انتہائی دشوار ہوتا ہے۔ مشرق وسطی کی صورت حال اس کی نمایاں مثال ہے۔ ایران کے خلاف امریکی طاقت کے استعمال نے خطے میں کشیدگی بڑھائی اور عالمی معیشت کو بھی بے یقینی صورت حال سے دوچار کیا۔ سوال یہ ہے کہ امریکہ ایران کے خلاف طاقت استعمال کر کے اب تک کیا حاصل کر پایا ہے؟ فوجی کارروائیوں سے وقتی برتری تو حاصل کی جا سکتی ہے، مگر مستقل امن اور باہمی اعتماد کی بنیاد نہیں رکھی جا سکتی۔ ٹرمپ انتظامیہ کی جنگ و جدل پر مبنی پالیسیوں پر امریکی عوام کے اندر بھی سوالات اٹھے ہیں۔ وسط مدتی انتخابات میں سامنے آنے والے سیاسی ردعمل کو بھی خارجہ پالیسی اور داخلی معاشی مشکلات کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ فلسطین اور غزہ کا المیہ بھی عالمی ضمیر کے لیے ایک سنگین آزمائش ہے۔ بے گناہ شہریوں کی جانوں کا تحفظ، انسانی حقوق کی پاسداری اور فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی ضمانت محض بیانات سے ممکن نہیں۔ عالمی برادری کو عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ اسی طرح مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں مستقل امن کے قیام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد میں دہرا معیار عالمی اداروں کی ساکھ کو متاثر کرتا ہے۔

پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی خودمختاری کے تحفظ کے ساتھ علاقائی تعاون، معاشی استحکام اور پرامن بقائے باہمی کو خارجہ پالیسی کا محور بنائے۔ چین، سعودی عرب، ترکیہ اور دیگر دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کو اقتصادی اور سفارتی تعاون کے ذریعے مزید مستحکم کیا جائے۔ مصنوعی ذہانت اور سائبر ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے نئے خطرات بھی عالمی اشتراک کے متقاضی ہیں۔ عالمی اور علاقائی تنازعات کے حل کے لیے طاقت کے استعمال سے زیادہ سفارت کاری موثر ثابت ہوسکتی ہے۔ امریکہ ایران کے خلاف طاقت استعمال کر کے اب تک کیا حاصل کر پایا ہے؟ الٹا ٹرمپ انتظامیہ کو اپنی جنگ و جدل والی پالیسی پر وسط مدتی انتخابات میں اپنے عوام کے ہاتھوں ہزیمت اٹھانا پڑی۔ بے شک عالمی قوانین کا غیر منصفانہ استعمال نہیں ہونا چاہیے، یہ اقوام متحدہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔

اخوند سالاک، خاندانی روایت اور تسگرّہ

تحریر و تحقیق: نجیم شاہ

تاریخ کے بعض مآخذ ایسے ہوتے ہیں جن کی اصل کتابیں وقت کے ساتھ گم ہو جاتی ہیں، مگر ان کے حوالے بعد کے مصنفین کی تحریروں میں محفوظ رہتے ہیں۔ تس رگرہ (Tasgirra) بھی غالباً ایسی ہی ایک تاریخی تصنیف تھی۔ اس کا اصل متن آج دستیاب نہیں، تاہم اُنیسویں صدی کے برطانوی مصنف ڈبلیو۔ ڈبلیو۔ میک نائر نے 1885ء کی اپنی ایک رپورٹ میں تسگرّہ کا ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ کتاب اخوند سالاک کے بیٹوں کی تصنیف تھی۔ یہی مختصر اطلاع اس گمشدہ کتاب کو تحقیق کیلئے اہم بنا دیتی ہے۔

مذکورہ رپورٹ میں تسگرّہ کو یوسف زئیوں کی تاریخ کے طور پر بیان کیا گیا ہے، تاہم اس حوالے کی اہمیت صرف کتاب کے موضوع تک محدود نہیں۔ اسکی مصنفیت بھی خاص توجہ کی حامل ہے، کیونکہ اس روایت کو اخوند سالاک کے صاحبزادوں سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس نسبت سے یہ امکان سامنے آتا ہے کہ اخون سالاک کے خاندان میں اپنے عہد کے واقعات اور خاندانی روایات کو محفوظ رکھنے کا رجحان موجود تھا۔ اگر ایسا تھا تو تسگرّہ میں قبائلی حالات، علاقائی واقعات اور اس زمانے کی اہم شخصیات کے بارے میں مواد بھی شامل ہوسکتا تھا۔

تسگرّہ کا حوالہ دیر اور اسکے گردونواح کے حالات کے ضمن میں سامنے آتا ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کتاب میں اس خطے کی سیاسی اور قبائلی صورتِ حال کا ذکر موجود رہا ہوگا۔ علاقوں کی فتح، مختلف قبائل کے باہمی تعلقات اور زمینوں کی تقسیم جیسے معاملات بھی اس روایت کا حصہ دکھائی دیتے ہیں۔ اِس لیے تسگرّہ کو محض ایک خاندانی تذکرہ سمجھنا شاید مناسب نہ ہو۔ ممکن ہے کہ اس میں ان واقعات کی تفصیل بھی محفوظ ہو جنہوں نے اس خطے کے سیاسی اور سماجی حالات پر دیرپا اثرات مرتب کیے۔

اسی تاریخی بیان میں اخوند سالاک کا کردار بھی نمایاں طور پر سامنے آتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فتوحات کے بعد جب مختلف قبائل کے درمیان نئی حاصل شدہ زمینوں کی تقسیم اور حدود کے حوالے سے اختلافات پیدا ہوئے تو اخوند سالاک نے ان معاملات میں ثالثی کی۔ اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مذہبی حیثیت کے ساتھ ساتھ قبائلی اور سماجی معاملات میں بھی اثر ورسوخ رکھتے تھے۔ تسگرّہ کے حوالے سے اُنکا ذکر اسی وسیع تر پس منظر میں اُنکی شخصیت اور خاندان کی اہمیت کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

تسگرّہ کا اخوند سالاک کے خاندان سے تعلق اس روایت کا ایک اہم پہلو ہے۔ اگر محفوظ تاریخی اطلاع کو بنیاد بنایا جائے تو کتاب ایسے افراد کے قلم سے وجود میں آئی جو خود اسی خاندان کا حصہ تھے۔ اس صورت میں یہ سوال بھی اہم ہو جاتا ہے کہ اس تصنیف میں اخوند سالاک کی زندگی، اُن کے عہد کے واقعات اور خاندان سے متعلق روایات کس انداز میں بیان کی گئی تھیں۔ چونکہ اصل متن ہمارے سامنے نہیں، اِس لیے ان سوالات کے حتمی جواب دینا ممکن نہیں۔ تاہم کتاب کی یہ نسبت مزید تاریخی تحقیق کیلئے ایک اہم سراغ ضرور فراہم کرتی ہے۔

تسگرّہ کا اصل نسخہ یا مکمل متن آج تک سامنے نہیں آیا۔ کتاب کے بارے میں بنیادی اطلاع اسی 1885ء کی رپورٹ سے ملتی ہے، اِس لیے اسکے ابواب، حجم، زبان اور سنِ تصنیف کے بارے میں حتمی رائے قائم کرنا مشکل ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کتاب کا اصل نام "تذکرہ" ہو، لیکن چونکہ میک نائر نے انگریزی میں اسے Tasgirra لکھا ہے، اِس لیے یہاں اسکی اردو املا "تس رگرہ" اختیار کیا گیا ہے۔ اصل عنوان کی حتمی صورت کے بارے میں فی الحال یقین سے کچھ کہنا ممکن نہیں۔

اگر تسگرّہ واقعی اخوند سالاک کے خاندان میں مرتب ہوئی تھی تو اس میں خاندانی یادداشت کے ساتھ مقامی روایات بھی محفوظ ہونیکا امکان ہے۔ ایسی روایات میں نسب، آبادکاری، زمینوں کی تقسیم، قبائلی حدود اور اہم شخصیات کے حالات جیسے موضوعات شامل ہوتے رہے ہیں۔ خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں تحریری ریکارڈ محدود تھا، خاندانوں کی محفوظ روایات تاریخی معلومات کا ایک اہم ذریعہ بن سکتی تھیں۔ اِسی لیے تسگرّہ کا حوالہ ایک ایسی گمشدہ روایت کی طرف اشارہ کرتا ہے جس کی اہمیت صرف ایک خاندان تک محدود نہیں ہوسکتی۔

تسگرّہ کی اصل اہمیت شاید اسی حقیقت میں پوشیدہ ہے کہ اسکا مکمل متن موجود نہ ہونے کے باوجود اسکا ایک حوالہ ایک صدی سے زیادہ پرانے ماخذ میں محفوظ ہے۔ اس مختصر حوالے کے ذریعے ایک کتاب، اس کے ممکنہ مرتبین اور اخوند سالاک کے خاندان کے تاریخی کردار کا سراغ ملتا ہے۔ اگر مستقبل میں اس کتاب کا کوئی نسخہ، اقتباس یا دُوسرا قدیم حوالہ دریافت ہو جائے تو اس خطے کی تاریخ کے کئی پہلوؤں پر نئی روشنی پڑ سکتی ہے۔ تاریخ کبھی کبھی مکمل کتابوں سے نہیں، ایک محفوظ جملے سے بھی اپنا دروازہ کھولتی ہے؛ تسگرّہ شاید ایسا ہی ایک دروازہ ہے۔

خانیوال سے امریکا تک

تحریر: حمید علی

دنیا میں ٹیکنالوجی نے کاروبار اور رابطوں کے طریقے یکسر بدل دیے ہیں۔ آج کوئی شخص اپنے گھر میں بیٹھ کر دنیا کے کسی بھی ملک میں کاروبار کر سکتا ہے۔ خرید و فروخت سے لے کر مالی لین دین تک ہر کام چند لمحوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ لیکن اس سہولت کے ساتھ جرائم کے ایسے طریقے بھی سامنے آئے ہیں جن میں مجرم ایک ملک میں بیٹھ کر دوسرے ملک کے شہریوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ خانیوال سے تعلق رکھنے والے فہیم اکرم کی گرفتاری اسی بدلتی ہوئی صورت حال کی ایک اہم مثال ہے جس نے بین الاقوامی سطح پر توجہ حاصل کی ہے۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق فہیم اکرم امریکا میں تقریباً 35 ارب پاکستانی روپے مالیت کے مبینہ فراڈ کے الزام میں مطلوب تھے۔ ان پر جعلی امریکی ڈاک ٹکٹوں کی آن لائن فروخت میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ امریکی حکام نے ان کی گرفتاری میں مدد دینے والی معلومات فراہم کرنے پر ایک لاکھ ڈالر انعام کا اعلان کیا تھا۔ بعد ازاں انہیں لاہور سے گرفتار کیا گیا اور لاہور کی ضلع کچہری میں پیش کیا گیا۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کی درخواست پر عدالت نے پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں تفتیشی ادارے کے حوالے کر دیا۔

اس معاملے کا بنیادی تعلق امریکی ڈاک ٹکٹوں کی مبینہ جعل سازی اور ان کی آن لائن فروخت سے ہے۔ ڈاک ٹکٹ بظاہر کاغذ کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہوتا ہے لیکن کسی بھی ملک کے ڈاک کے نظام میں اس کی باقاعدہ مالی حیثیت ہوتی ہے۔ جب جعلی ڈاک ٹکٹ اصل ظاہر کر کے فروخت کیے جائیں تو خریدار اپنی رقم کے بدلے ایسی چیز حاصل کرتا ہے جس کی حقیقی حیثیت موجود نہیں ہوتی۔ اس طرح ایک بظاہر معمول کی خریداری مالی دھوکا دہی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ فہیم اکرم کے خلاف سامنے آنے والا الزام بھی اسی نوعیت کی مبینہ جعل سازی سے متعلق ہے۔

اس واقعے کا سب سے حیران کن پہلو اس کی جغرافیائی وسعت ہے۔ مبینہ سرگرمیوں کا تعلق پاکستان سے تھا جب کہ خریدار امریکا میں موجود تھے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انٹرنیٹ نے جرائم کی دنیا میں بھی سرحدوں کی اہمیت کم کر دی ہے۔ کسی شخص کو دھوکا دینے کے لیے اب اس کے شہر یا ملک میں موجود ہونا ضروری نہیں رہا۔ ایک ویب سائٹ یا آن لائن کاروباری پلیٹ فارم کے ذریعے ہزاروں میل دور بیٹھے افراد سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہی سہولت جب غلط مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہے تو متاثرہ افراد کے لیے اصل فروخت کنندہ تک پہنچنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔

اس مبینہ فراڈ کے پیچھے مالی مفاد ایک نمایاں محرک دکھائی دیتا ہے۔ جعلی اشیا کو اصل ظاہر کر کے فروخت کرنا اور مختلف علاقوں کے خریداروں سے رقم وصول کرنا مالی دھوکا دہی کا ایک طریقہ ہے۔ تاہم اس مقدمے میں 35 ارب روپے کی مبینہ رقم کس طرح حاصل کی گئی۔ کتنے خریدار متاثر ہوئے۔ ادائیگیاں کن ذرائع سے وصول کی گئیں اور کیا اس سرگرمی میں مزید افراد بھی شامل تھے۔ یہ تمام سوالات اہم ہیں۔ ان کے جوابات تفتیشی ریکارڈ اور ڈیجیٹل شواہد کی جانچ سے ہی سامنے آ سکتے ہیں۔ کسی ایک ملزم کی گرفتاری سے پورے معاملے کی تفصیلات خود بخود واضح نہیں ہو جاتیں۔

یہاں ایک اہم بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ آن لائن فراڈ ہمیشہ پیچیدہ تکنیکی حملوں کے ذریعے نہیں کیا جاتا۔ بعض اوقات جعل ساز ایک عام کاروباری شناخت اختیار کرتے ہیں۔ خوب صورت ویب سائٹ بناتے ہیں۔ مصنوعات کی دل کش تصاویر لگاتے ہیں اور خریداروں کو کم قیمت یا غیر معمولی رعایت کی پیشکش کرتے ہیں۔ صارف ان چیزوں کو دیکھ کر اعتماد کر لیتا ہے اور رقم منتقل کر دیتا ہے۔ بعد میں معلوم ہوتا ہے کہ فروخت کی جانے والی چیز جعلی تھی یا سرے سے موجود ہی نہیں تھی۔ اس طرح صارف اپنی رقم سے محروم ہو جاتا ہے اور متعلقہ شخص کی شناخت تلاش کرنا دشوار ہو جاتا ہے۔

ہمارے ہاں بھی بہت سے لوگ سوشل میڈیا اور مختلف آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے خریداری کرتے ہیں۔ بعض افراد کم قیمت اور فوری منافع کے لالچ میں ایسے صفحات پر اعتماد کر لیتے ہیں جن کی کوئی مستند کاروباری شناخت موجود نہیں ہوتی۔ جعلی ملازمتوں کے اشتہارات۔ انعام نکلنے کے پیغامات اور آن لائن سرمایہ کاری کی پرکشش اسکیمیں بھی اسی نوعیت کے جال ہیں۔ کسی کو بتایا جاتا ہے کہ معمولی رقم جمع کروا کر بڑی آمدنی حاصل کی جا سکتی ہے تو کسی سے تحفہ یا انعام وصول کرنے کے نام پر فیس مانگی جاتی ہے۔ ان پیشکشوں کا مقصد اکثر صارف کی رقم یا ذاتی معلومات حاصل کرنا ہوتا ہے۔

عوام کو چاہیے کہ آن لائن خریداری سے پہلے متعلقہ ویب سائٹ اور فروخت کنندہ کی ساکھ ضرور جانچیں۔ صرف خوب صورت اشتہار یا دوسرے صارفین کے تبصروں کو اعتماد کی بنیاد نہ بنائیں۔ غیر معمولی رعایت اور فوری ادائیگی کے دباؤ کو خطرے کی علامت سمجھیں۔ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات۔ پاس ورڈ۔ اے ٹی ایم پن اور موبائل پر موصول ہونے والا تصدیقی کوڈ کسی دوسرے شخص کو فراہم نہ کریں۔ نامعلوم لنکس پر کلک کرنے سے گریز کریں اور کسی مشکوک ویب سائٹ پر اپنی مالی معلومات درج نہ کریں۔ اگر کسی کے ساتھ دھوکا دہی ہو جائے تو متعلقہ بینک اور سائبر کرائم ادارے کو فوری اطلاع دیں۔

اس معاملے میں امریکی حکام کی جانب سے ایک لاکھ ڈالر انعام کا اعلان اور پاکستان میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کی کارروائی بین الاقوامی تعاون کی اہمیت بھی واضح کرتی ہے۔ سائبر جرائم میں مالیاتی ریکارڈ، آن لائن اکاؤنٹس اور الیکٹرانک شواہد بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ جب جرم ایک ملک میں بیٹھ کر دوسرے ملک کے شہریوں کے خلاف کیا جائے تو تحقیقات کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان معلومات کا تبادلہ ضروری ہو جاتا ہے۔ اس مقدمے میں ملزم کی گرفتاری اسی نوعیت کی کارروائی کا اہم حصہ ہے۔ پاکستان کے اداروں کے لیے بھی ضروری ہے کہ تحقیقات شواہد کی بنیاد پر آگے بڑھائیں اور قانون کے تقاضوں کو پورا کریں۔

فہیم اکرم کی گرفتاری نے ڈیجیٹل دنیا کے ایک ایسے رخ کو نمایاں کیا ہے جسے عام صارف اکثر نظر انداز کر دیتا ہے۔ انٹرنیٹ پر موجود ہر کاروبار حقیقی نہیں ہوتا اور ہر پیشکش قابل اعتماد نہیں ہوتی۔ کبھی سستی مصنوعات کا لالچ دیا جاتا ہے تو کبھی چند دنوں میں بڑی رقم کمانے کا خواب دکھایا جاتا ہے۔ ان ہی ترغیبات کے ذریعے لوگوں کی جمع پونجی ہتھیائی جاتی ہے۔

35 ارب روپے کے اس مبینہ فراڈ کا معاملہ ہمارے لیے ایک واضح تنبیہ ہے کہ جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کے ساتھ اپنی حفاظت کا شعور بھی ضروری ہے۔ یاد رکھیں کہ ڈیجیٹل دنیا میں ایک لمحے کی لاپروائی برسوں کی جمع پونجی کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

لیبر کوڈ یا مزدوروں کے حقوق پر شب خون؟

تحریر: محمد قیصر چوہان

کسی بھی معاشرے کی ترقی کا اصل پیمانہ محض بلند و بالا عمارتیں، صنعتی ترقی، معاشی اعداد و شمار یا سرمایہ کاری کے دعوے نہیں ہوتے بلکہ اس معاشرے میں محنت کرنے والے انسانوں کو حاصل عزت، تحفظ، روزگار کا استحکام اور بنیادی حقوق ہوتے ہیں۔ جو ریاست اپنے مزدوروں کو معاشی ترقی کا محض ایک پرزہ سمجھتی ہے، وہاں ترقی کے ثمرات چند ہاتھوں تک محدود ہو جاتے ہیں اور محنت کش طبقہ محرومیوں کی دلدل میں دھنستا چلا جاتا ہے بدقسمتی سے پاکستان میں مزدوروں کے حقوق کا معاملہ ایک مرتبہ پھر اسی نوعیت کی تشویش ناک صورت حال سے دوچار دکھائی دیتا ہے، جہاں مجوزہ بلوچستان لیبر کوڈ نے ٹریڈ یونین تنظیموں اور محنت کش طبقے میں شدید بے چینی پیدا کردی ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن، بلوچستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی مختلف اجتماعی سوداکاری کی حامل (سی بی اے) ٹریڈ یونین تنظیموں نے مجوزہ بلوچستان لیبر کوڈ کو مزدور دشمن قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔ ان تنظیموں کا مؤقف ہے کہ بلوچستان حکومت انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے تعاون سے اس قانون کے نام پر ایسا نظام متعارف کرانے کی کوشش کر رہی ہے جو محنت کشوں کے موجودہ حقوق، مستقل ملازمتوں اور ٹریڈ یونین سرگرمیوں کے مستقبل کے لیے خطرات پیدا کرسکتا ہے۔ یہ معاملہ محض کسی قانون کی مخالفت یا حمایت کا نہیں بلکہ پاکستان میں مزدور تحریک کے مستقبل، اجتماعی سوداکاری کے حق اور محنت کشوں کے سماجی و معاشی تحفظ کا سوال ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان، سیکرٹری جنرل عبدالستار، کا مؤقف بڑا واضح ہے کہ موجودہ حالات میں بلوچستان کو کسی ایسے نئے لیبر کوڈ کی ضرورت نہیں جو پہلے سے موجود قانونی ڈھانچے کو غیر ضروری طور پر تبدیل کرے۔ ان کے مطابق انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2012ء وفاقی دارالحکومت اور بین الصوبائی صنعتی تعلقات کے معاملات کو منظم کرنے کیلئے موجود ہے، جبکہ صوبوں کے اپنے دائرہ اختیار میں متعلقہ قوانین پہلے سے نافذ ہیں۔ لہٰذا کسی بھی نئی قانون سازی سے قبل یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ اس کی ضرورت کیا ہے، اس سے مزدوروں کو کیا فائدہ پہنچے گا اور ان کے موجودہ حقوق کا تحفظ کیسے یقینی بنایا جائے گا۔ یہاں سب سے اہم سوال مشاورت کا ہے۔ قانون سازی کسی بھی جمہوری معاشرے میں متعلقہ فریقوں کی شمولیت اور اتفاق رائے سے ہونی چاہیے۔ بالخصوص محنت کشوں سے متعلق قانون سازی میں ان لوگوں کی آواز کو نظرانداز کرنا ایک سنگین جمہوری اور سماجی ناانصافی ہے جن کی زندگیوں پر اس قانون کے براہ راست اثرات مرتب ہوں گے۔ اگر کسی قانون کے ذریعے لاکھوں محنت کشوں کے مستقبل کا فیصلہ کیا جاتا ہے تو اس عمل میں مزدوروں کی حقیقی نمائندہ تنظیموں، سی بی اے یونینز اور سہ فریقی لیبر اسٹینڈنگ کمیٹی کو اعتماد میں لینا ناگزیر ہے۔

حکومت، آجر اور مزدور کسی بھی مؤثر سہ فریقی نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ ان میں سے کسی ایک فریق کو نظرانداز کر کے قانون سازی کرنا نہ صرف مشاورتی عمل کی روح کے منافی ہے بلکہ مستقبل میں صنعتی تنازعات کو بھی جنم دے سکتا ہے۔ ٹریڈ یونین رہنماؤں کا یہ اعتراض بھی قابل غور ہے کہ پنجاب اور سندھ میں لیبر کوڈ کی تیاری کے دوران سہ فریقی مشاورتی نظام کو مؤثر طور پر نظرانداز کیا گیا اور اب بلوچستان میں بھی اسی طرز عمل کو دہرائے جانے کے خدشات موجود ہیں۔ ان کا الزام ہے کہ مزدوروں کی حقیقی نمائندہ تنظیموں کو اعتماد میں لینے کے بجائے ایک ایسے فرد کو مشاورتی عمل میں شامل کیا جا رہا ہے جس کا کسی سی بی اے ٹریڈ یونین سے تعلق نہیں، اگر یہ اعتراض درست ہے تو حکومت کو اس کی وضاحت کرنی چاہیے کہ حقیقی نمائندگی کے بجائے متبادل نمائندگی کا راستہ کیوں اختیار کیا جا رہا ہے؟۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ مجوزہ لیبر کوڈ کے بارے میں مزدور تنظیموں کے ذہنوں میں کئی بنیادی سوالات جنم لے رہے ہیں۔ کیا اس قانون سے مستقل ملازمتوں کا تحفظ برقرار رہے گا؟ کیا ٹھیکیداری نظام کو فروغ ملے گا؟ کیا مزدوروں کیلئے اجتماعی سوداکاری اور آزادانہ ٹریڈ یونین سازی کے حقوق محفوظ رہیں گے؟ کیا محنت کشوں کو سوشل سکیورٹی، پنشن، صحت اور دیگر قانونی مراعات حاصل رہیں گی؟ اور کیا مزدور اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے مؤثر قانونی فورمز تک رسائی برقرار رکھ سکیں گے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب دیے بغیر کسی بھی نئے لیبر قانون کو مزدور دوست قرار نہیں دیا جاسکتا۔

پاکستان میں ٹھیکیداری نظام پہلے ہی محنت کش طبقے کیلئے متعدد مسائل پیدا کر رہا ہے۔ اس نظام کے تحت بڑی تعداد میں مزدور طویل عرصے تک خدمات انجام دینے کے باوجود مستقل ملازمت، ملازمت کے تحفظ، مناسب اجرت، پنشن اور دیگر مراعات سے محروم رہتے ہیں۔ ٹھیکیدار تبدیل ہونے کے ساتھ ان کی ملازمت کا مستقبل بھی غیر یقینی ہو جاتا ہے۔ ایسے ماحول میں اگر کوئی نیا قانونی ڈھانچہ محنت کشوں کے خدشات دور کرنے کے بجائے ٹھیکیداری نظام کے پھیلاؤ کا ذریعہ بنتا ہے تو یہ یقیناً ایک تشویش ناک صورت حال ہوگی۔ یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ ٹریڈ یونین کسی ادارے میں محض احتجاج کرنے یا مطالبات پیش کرنے والی تنظیم کا نام نہیں۔ ٹریڈ یونین مزدور اور آجر کے درمیان ایک منظم اور قانونی رابطے کا ذریعہ ہے۔ یہ مزدوروں کو اجتماعی آواز دیتی ہے، ان کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے اور صنعتی امن برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب مزدور انفرادی حیثیت میں آجر کے سامنے کھڑا ہوتا ہے تو اس کی قوت محدود ہوتی ہے، لیکن جب وہ ایک منظم یونین کے پلیٹ فارم سے بات کرتا ہے تو اس کی آواز مؤثر اور مضبوط ہوتی ہے۔

اسی لیے دنیا بھر میں اجتماعی سوداکاری اور آزادانہ تنظیم سازی کو بنیادی مزدور حقوق میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر کسی قانون کے نتیجے میں ٹریڈ یونینز کمزور ہوتی ہیں، اجتماعی سوداکاری محدود ہوتی ہے یا مزدوروں کی نمائندہ تنظیموں کا کردار ختم ہوتا ہے تو اس کے اثرات صرف یونین دفاتر تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے صنعتی نظام اور معاشرتی انصاف پر مرتب ہوتے ہیں۔ آئی ایل او کا نام بھی اس بحث میں اہمیت رکھتا ہے۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں محنت کشوں کے حقوق، سماجی انصاف، باعزت روزگار اور بہتر کام کے حالات کو فروغ دینا ہے۔ پاکستان بھی آئی ایل او کے متعدد بین الاقوامی مزدور معیارات سے وابستہ ہے۔ اس لیے کسی بھی ایسی قانون سازی کو، جسے آئی ایل او کے تعاون سے تیار کیا جا رہا ہو، بین الاقوامی مزدور معیارات، آزادانہ تنظیم سازی اور اجتماعی سوداکاری کے اصولوں پر پورا اترنا چاہیے۔ محض کسی بین الاقوامی ادارے کا نام کسی قانون کو خودبخود مزدور دوست نہیں بنا دیتا، اصل اہمیت اس قانون کے مندرجات، اس کے نفاذ اور محنت کشوں کو حاصل ہونے والے عملی فوائد کی ہے۔ یہاں حکومت بلوچستان کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ مزدور تنظیموں کے خدشات کو محض مخالفت یا سیاسی دباؤ سمجھنے کے بجائے سنجیدگی سے سنے۔ اگر مجوزہ لیبر کوڈ واقعی مزدوروں کے مفاد میں ہے تو اس کے تمام مندرجات عوامی سطح پر سامنے لائے جائیں۔ اس کا موجودہ لیبر قوانین سے تقابلی جائزہ پیش کیا جائے اور واضح کیا جائے کہ اس سے مستقل ملازمتوں، اجرتوں، پنشن، سوشل سکیورٹی، ٹریڈ یونین رجسٹریشن، اجتماعی سوداکاری اور لیبر عدالتوں کے نظام پر کیا اثرات مرتب ہوں گے۔ حکومت کو یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ بلوچستان کے حالات، صنعتی ڈھانچے اور محنت کشوں کے مسائل ملک کے دیگر صوبوں سے مختلف نوعیت کے حامل ہیں۔ کان کنی، معدنیات، تعمیرات، بجلی، ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں سے وابستہ مزدور پہلے ہی مشکل حالات میں کام کر رہے ہیں۔ خصوصاً کان کنی کے شعبے میں مزدوروں کی جان و سلامتی، حفاظتی انتظامات، مناسب اجرت اور سماجی تحفظ کے مسائل انتہائی اہم ہیں۔ ایسے میں قانون سازی کا بنیادی مقصد ان مسائل کا حل ہونا چاہیے، نہ کہ مزدوروں کیلئے مزید غیر یقینی صورت حال پیدا کرنا۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان سمیت دیگر ٹریڈ یونین تنظیموں کی جانب سے یہ اعلان کہ حقیقی مزدور نمائندوں سے مشاورت کے بغیر موجودہ لیبر قوانین میں تبدیلی کی گئی تو بلوچستان سمیت ملک بھر میں احتجاجی تحریک چلائی جائے گی، دراصل اس بڑھتی ہوئی بے چینی کا اظہار ہے۔ تاہم حکومت کے لیے اب بھی موقع موجود ہے کہ وہ تصادم کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کرے۔ ایک بامعنی سہ فریقی اجلاس بلایا جائے، تمام رجسٹرڈ ٹریڈ یونینز اور سی بی اے تنظیموں کو نمائندگی دی جائے اور مجوزہ قانون کی ہر شق پر کھلی بحث کی جائے۔

یہ بات بھی واضح رہنی چاہیے کہ مزدور تنظیمیں تبدیلی یا قانون سازی کی اصولی طور پر مخالف نہیں ہونی چاہئیں اور نہ ہی کسی نئے قانون کو صرف اس کے نام کی بنیاد پر اچھا یا برا قرار دیا جا سکتا ہے۔ اصل معیار یہ ہے کہ آیا وہ قانون مزدوروں کے حقوق میں اضافہ کرتا ہے یا ان کے تحفظات کو کمزور کرتا ہے۔ اگر کوئی نیا لیبر کوڈ موجودہ قوانین کی خامیوں کو دور کرتا، مزدوروں کو بہتر سماجی تحفظ فراہم کرتا، مستقل ملازمتوں کو مضبوط بناتا اور ٹریڈ یونین حقوق کا تحفظ یقینی بناتا ہے تو اس کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے۔ لیکن اگر اس کے نتیجے میں مزدوروں کی قانونی حیثیت کمزور، مستقل روزگار غیر محفوظ اور اجتماعی سوداکاری محدود ہوتی ہے تو اس کی مخالفت ایک جائز جمہوری حق ہے۔ حکومت بلوچستان، متعلقہ حکام اور پالیسی سازوں کیلئے ایک واضح پیغام ہے کہ مزدوروں کے مستقبل کا فیصلہ مزدوروں کو اعتماد میں لیے بغیر نہیں کیا جاسکتا۔ محنت کش وہ طبقہ ہے جو اپنی محنت سے صنعتوں کا پہیہ چلاتا، معدنی وسائل کو دولت میں بدلتا، عمارتیں تعمیر کرتا اور ملکی معیشت کو سہارا دیتا ہے۔ اگر یہی طبقہ اپنے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کا شکار ہو تو صنعتی ترقی اور معاشی خوشحالی کے دعوے اپنی معنویت کھو دیتے ہیں۔ لیبر کوڈ کا اصل مقصد مزدور کو پابند کرنا نہیں بلکہ اسے بااختیار بنانا ہونا چاہیے۔ قانون سازی کا مقصد ٹریڈ یونینز کو کمزور کرنا نہیں بلکہ انہیں مضبوط بنانا، مستقل ملازمتوں کا خاتمہ نہیں بلکہ روزگار کا تحفظ اور ٹھیکیداری نظام کا فروغ نہیں بلکہ محنت کشوں کو باعزت اور محفوظ روزگار فراہم کرنا ہونا چاہیے۔ بلوچستان کے محنت کش صرف ایک قانون پر اعتراض نہیں کر رہے بلکہ اپنے روزگار، اپنے بچوں کے مستقبل، اپنی سماجی سلامتی اور اپنی اجتماعی آواز کے تحفظ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اس آواز کو سنے، مذاکرات کا دروازہ کھولے اور ایسا قانون متعارف کرائے جسے سرمایہ دار ہی نہیں بلکہ مزدور بھی اپنا قانون سمجھیں۔ کیونکہ کسی بھی ریاست کی معیشت صرف سرمایہ دار کے سرمائے سے نہیں چلتی، اس کی بنیاد مزدور کے پسینے پر استوار ہوتی ہے۔ اور جس قانون میں مزدور کے پسینے کی قدر نہ ہو، وہ قانون کبھی حقیقی معنوں میں ترقی اور انصاف کی ضمانت نہیں بن سکتا۔

کیا ٹرمپ برے پھنسنے والے ہیں؟

تحریر: عامر معان

ساری دنیا کے معاملات میں اپنی ٹانگیں پھنسانے والے ٹرمپ جی اپنے ہی ملک میں گرتی اپنی مقبولیت کے اعشاریوں تک پر نظر نہ رکھنے کی غلطی کر بیٹھے ہیں۔ اسی غلطی کی پاداش میں 3 نومبر کو امریکہ میں منعقدہ وسط مدتی انتخابات میں ٹرمپ کو اپنی جاری پالیسیوں پر عوام کا وہ کرارا جواب ملا ہے کہ ٹرمپ ابھی تک "میں نا مانوں" کی کیفیت میں مبتلا ہیں۔ ٹرمپ جی کبھی دھاندلی کا رونا رونا شروع کرتے ہیں، تو کبھی ہار کے غم میں اپوزیشن کو دھمکیاں دینا شروع کر دیتے ہیں۔

امریکی قانون کے مطابق، کسی بھی صدر کو یوں شتر بے مہار نہیں چھوڑا جاتا کہ جیتنے کے بعد وہ چار سال اپنی مرضی سے جو چاہے سیاہ سفید کرتا رہے، بلکہ اس کو دو سالہ حکومتی کارکردگی لے کر عوام کے پاس جانا ہوتا ہے، اور عوام یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آیا حکومتی کارکردگی اطمینان بخش ہے بھی یا نہیں۔ اگر عوام ان پالیسیوں کو عوام دوست اور اطمینان بخش سمجھتی ہے تو اگلے دو سال کے لئے بھی صدر کے ہاتھ مضبوط کرتے ہوئے اس کی کانگریس اور سینٹ کی اکثریت کو برقرار رکھتے ہیں؛ بصورت دیگر ان فیصلوں میں رکاوٹ لانے کے طور پر اپوزیشن کو دونوں ایوانوں میں اکثریت دے کر بھیج دیا جاتا ہے۔ یوں صدر اپنے اگلے دو سال کی مدت میں شتر بے مہار نہیں رہ پاتا۔ عوام کے اس فیصلے سے حکومت کو اگلے دو سالوں کے لئے اپنی پالیسی تبدیل کرنے کی ضرورت بھی محسوس ہو جاتی ہے، تاکہ آنے والے صدارتی الیکشن میں ان کی جماعت عوامی ناراضگی کا سامنا کرنے سے بچ سکے۔

اس سال 3 نومبر کو منعقدہ وسط مدتی انتخابات کے نتائج سے بھی یہ بات واضح ہوگئی ہے، کہ امریکی عوام ٹرمپ کی موجودہ پالیسیوں سے ناخوش ہے۔ وہ امریکی صدر سے ان وعدوں کی تجدید چاہتی ہے، جس کا وعدہ کر کے ٹرمپ نے کرسی صدارت سنبھالی تھی۔ اب جنوری 2027 میں نئے اراکین کے حلف اٹھانے کے بعد ٹرمپ اپنے اختیارات میں اتنے آزاد نہیں رہ پائیں گے جتنے وہ پہلے دو سالوں میں رہے ہیں۔ اب ان کو کانگریس اور سینٹ سے اپنی پالیسیوں کی منظوری کے لئے ناکوں چنے چبانے پڑ جائیں گے۔

اب تک کانگریس کی 435 نشستوں میں سے 419 کے نتائج مکمل طور پر سامنے آ چکے ہیں۔ جس میں ڈیموکریٹس کو 254 نشستوں پر کامیابی مل گئی ہے۔ جس سے وہ 218 کا اکثریتی عدد کا ہندسہ کافی اکثریت سے عبور کر چکے ہیں۔

اسی طرح سینٹ کی 100 میں سے 35 نشستوں پر انتخابات ہوئے تھے۔ جن کے نتائج کے بعد سینٹ میں بھی مجموعی طور پر ڈیموکریٹس کی تعداد دو آزاد ارکان کو ملا کر 54 ہو چکی ہے۔ جس کا واضح مطلب ہے کہ سینٹ کی اکثریت بھی ٹرمپ کے ہاتھ سے چھن چکی ہے۔

یوں اگلے دو سال ٹرمپ کے مشکل ترین سال ہو سکتے ہیں، کیونکہ ٹرمپ کو اب اپنے اقدامات کی کانگریس اور سینٹ سے توثیق اتنی آسانی سے نہیں مل پائے گی۔ جنوری سے نئی صورتحال میں قانون سازی کرنے کے لئے ٹرمپ کو بہت زیادہ دشواری کا سامنا رہے گا۔ بجٹ اور سرکاری فنڈ کے استعمال کے لئے کانگریس سے منظوری امریکی قانون کے مطابق لازمی ہے، اور اس پر روک ٹرمپ کو بھاری پڑ سکتی ہے۔ کانگریس ان اخراجات میں تخفیف کر کے صدر کو انتہائی مشکل میں ڈال سکتی ہے۔

دونوں ایوانوں میں اکثریت کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ تحقیقاتی کمیٹیوں کی سربراہی اب ڈیموکریٹس کے پاس آ جائے گی۔ جس سے وہ صدر کے فیصلوں پر اختلافات کرتے ہوئے تحقیقات شروع کروا سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ صدر یا ان کے مشیروں کے اقدامات پر مواخذے کی قرارداد تک بھی پیش کر سکتے ہیں، لیکن صدر کو ہٹانے کے لئے امریکی قانون کے مطابق جس دو تہائی اکثریت کی ضرورت ہوتی ہے وہ ٹرمپ کی خوش قسمتی سے ڈیموکریٹس کو حاصل نہیں ہو سکی ہے۔ اس لئے اس اقدام سے ٹرمپ محفوظ ہیں۔

امریکی قانون کے تحت ججوں، سفیروں اور کابینہ کے ارکان کی تقرری کے لئے سینٹ کی منظوری لازمی ہے، یہاں پھر ٹرمپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شاید ان سب سے بچنے کے لیے ٹرمپ امریکی آئین سے حاصل صدارتی اختیارات پر انحصار کرنے کی پالیسی اختیار کر کے اپنی پالیسیاں جاری رکھنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ امریکی آئین کے مطابق خارجہ امور میں صدر کے اختیارات بہت زیادہ ہیں۔ اس لئے ٹرمپ کی دیگر ممالک میں جاری مہمات کا خاتمہ سوائے ٹرمپ کی صوابدید کے مشکل ہی نظر آتا ہے، اور یہی وہ محاذ ہے، جس پر ٹرمپ ڈٹے رہنے کا دعویٰ کرتے نظر آ رہے ہیں۔

جنوری کے بعد امریکی حکومتی پالیسیوں میں کون سا واضح فرق نظر آئے گا یہ تو مستقبل میں ہی واضح ہو سکے گا، لیکن یہ بات طے ہے کہ ان انتخابات کے نتائج یہ ثابت کر رہے ہیں کہ امریکی عوام میں ٹرمپ اپنی مقبولیت کھو چکے ہیں۔ ٹرمپ کی پالیسیاں عوام کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو چکی ہیں۔ بے روزگاری اور مہنگائی کے جن اب امریکیوں کو ایک نئے خوف میں مبتلا کر رہے ہیں۔ ایک سپر پاور کے خول پہنے امریکی اپنے اندر گرتی ہوئی اپنی کمزور معیشت کو لے کر فکر مند نظر آ رہے ہیں۔ وہ ٹرمپ کے ان وعدوں پر عملدرآمد کے خواہاں ہیں جن وعدوں میں جنگ کے بجائے مذاکرات سے مسائل کا حل کرنے کا وعدہ بھی شامل تھا۔ اسی طرح تارکین وطن کے بارے میں ٹرمپ کی پالیسیاں عوام کا دل جیتنے کے بجائے ان کی ناراضگی کا سبب بن کر انتخابات میں ان کے سامنے آ گئی ہیں۔ شکست کی ایک وجہ ٹرمپ کی بنا سوچے بیانات دینا بھی قرار دی جا رہی ہے۔ جب انتخابات سے پہلے ٹرمپ خود اپنے امیدواروں کے بارے میں یہ کہہ رہے تھے کہ وہ ان سے مطمئن نہیں ہیں، تو پھر عوام بھی ان کو ووٹ کیوں دیتی۔ اسی لئے ریپبلیکنز بھی ٹرمپ کے بیانات سے پریشان نظر آتے ہیں، کہ ان کے بیانات جنگ میں شامل اس ہاتھی کی طرح ہوتے ہیں جو کبھی مڑ کر اپنے ہی لشکر کو نقصان پہنچا دیتا ہے۔ اگلے دو سال کیسے گزرتے ہیں اس کے لئے جنوری میں کانگریس اور سینٹ کے نئے اراکین کے حلف لینے کے بعد مستقبل کی تاریخ کا پردہ اٹھنے پر ہی واضح ہو پائے گا۔

نئے صوبے کیوں ناگزیر؟

تحریر: دانیال حسن چغتائی

پاکستان جیسے کثیرالقومی، کثیراللسانی اور وسیع جغرافیائی رقبے کے حامل ترقی پذیر ملک میں انتظامی ڈھانچے کی بہتری اور عوام کو نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی دیرینہ اور اہم ترین تقاضا ہے۔ پاکستان کو وجود میں آئے تقریباً آٹھ دہائیاں ہونے کو ہیں لیکن آج بھی ملک کا انتظامی ڈھانچہ بنیادی طور پر نوآبادیاتی دور کے اصولوں پر استوار ہے۔ موجودہ چار صوبے (پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان) اتنے وسیع اور آبادی کے لحاظ سے اتنے بڑے ہو چکے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت میں بیٹھی حکومت کے لیے دور دراز کے اضلاع کے مسائل پر توجہ دینا اور ان کا بروقت حل نکالنا ناممکن ہوتا جا رہا ہے۔ اس تناظر میں، نئے صوبوں کا قیام سیاسی نعرہ نہیں بلکہ ملکی استحکام، معاشی ترقی، گڈ گورننس اور وفاق کی مضبوطی کے لیے ایک ناگزیر ضرورت بن چکا ہے۔

کسی بھی فلاحی ریاست کی بنیادی ذمے داری اپنے شہریوں کو معیاری تعلیم، صحت، صاف پانی، امن و امان اور انصاف کی فراہمی ہے۔ موجودہ بڑے صوبوں میں انتظامی اکائیاں اس قدر بڑی ہو چکی ہیں کہ بیوروکریسی اور سیاسی قیادت عوام سے کٹ کر رہ گئی ہے۔

جب ایک صوبے کی آبادی کروڑوں میں ہو، تو چند اضلاع کے سوا باقی تمام علاقے ترقیاتی فنڈز، ملازمتوں اور بنیادی سہولیات سے محروم رہ جاتے ہیں۔ نئے صوبے بننے سے صوبائی دارالحکومت عوام کی پہنچ میں آ جاتا ہے۔

چھوٹے صوبوں کے وزرا، سیکرٹریز اور محکموں کے سربراہان کے لیے ممکن ہوتا ہے کہ وہ ہر ضلع کا باقاعدگی سے دورہ کریں، مسائل کو خود دیکھیں اور فوری فیصلے کریں۔ اس سے سرخ فیتے اور کرپشن میں کمی آتی ہے کیونکہ فیصلہ سازی کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔

پاکستان کو جن اندرونی چیلنجز کا سامنا رہا ہے، ان میں پسماندہ علاقوں کا احساسِ محرومی سرفہرست ہے۔ سرائیکی خطہ، ہزارہ، جنوبی سندھ اور بلوچستان کے دور دراز علاقے طویل عرصے سے مرکزی اور صوبائی وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کا شکوہ کرتے آئے ہیں۔

جب صوبہ چھوٹا ہوتا ہے تو اس کے بجٹ اور ترقیاتی فنڈز کی تقسیم میں شفافیت لانا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے خطوں کو اپنے وسائل خود استعمال کرنے اور اپنی ترجیحات کے مطابق ترقیاتی منصوبے بنانے کا موقع ملتا ہے۔

جب مقامی آبادی کو اپنی حکومت میں براہِ راست حصہ ملتا ہے اور وہ خود اپنے فیصلے کرتے ہیں، تو ان میں حب الوطنی اور ریاست کے ساتھ تعلق کا احساس مزید گہرا ہوتا ہے۔ احساسِ محرومی کا خاتمہ دراصل علیحدگی پسندانہ یا منفی رجحانات کا سب سے مؤثر توڑ ہے۔

معاشی خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ معاشی پالیسیاں مقامی ضروریات کے مطابق بنائی جائیں۔ پاکستان کے بعض صوبے اپنے اندر بے پناہ معاشی صلاحیت رکھتے ہیں لیکن بڑے صوبے کا حصہ ہونے کی وجہ سے ان کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی جاتی۔

نئے صوبے اپنے وسائل جیسے معدنیات، زراعت، سیاحت اور معاشی پالیسی کو بہتر طریقے سے بروئے کار لا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، جنوبی پنجاب میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے اگر اس کے لیے ایک الگ صوبائی حکومت اور بجٹ موجود ہو۔

چھوٹے انتظامی یونٹس میں امن وامان کی بہتر صورتحال اور تیز تر منظوری کے عمل کی وجہ سے سرمایہ کار زیادہ راغب ہوتے ہیں، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور غربت میں کمی آتی ہے۔

عموماً یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ نئے صوبے بنانے سے انتظامی اخراجات بڑھ جائیں گے اور معیشت پر بوجھ پڑے گا۔ تاہم، یہ نکتہ نظر زمینی حقائق کے منافی ہے۔

موجودہ بڑے صوبوں میں بھی ضلعی سطح پر بیوروکریسی، پولیس اور محکمے موجود ہوتے ہیں۔ نئے صوبے بننے سے صرف صوبائی سطح کی چند اعلیٰ آسامیوں کا اضافہ ہوتا ہے، جبکہ اس کے مقابلے میں وسائل کی بہتر اور منصفانہ تقسیم سے جو معاشی فوائد حاصل ہوتے ہیں، وہ انتظامی اخراجات سے کہیں زیادہ ہوتے ہیں۔

نئے صوبے بننے سے این ایف سی ایوارڈ کے تحت فنڈز کی نچلی سطح تک رسائی بہتر ہوتی ہے اور صوبائی حکومتیں اپنے جی ڈی پی کو بڑھانے کے لیے زیادہ صحت مندانہ مقابلہ کر سکتی ہیں۔

پاکستان میں پارلیمانی جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی جماعتیں اور نمائندے اپنے حلقوں کے عوام کے تئیں زیادہ جوابدہ ہوں۔

بڑے حلقوں میں الیکشن لڑنا اور پھر عوام کے مسائل حل کرنا ہر سیاستدان کے لیے مشکل ہو جاتا ہے، جس سے کرپشن اور دولت کے اثرات بڑھتے ہیں۔ چھوٹے صوبے اور چھوٹے انتخابی حلقے صاف ستھری سیاست اور میرٹ کی راہ ہموار کرتے ہیں۔

اگر صوبوں کی تشکیل زبان یا نسل کی بجائے انتظامی بنیادوں پر کی جائے جیسا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک جیسے امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا اور بھارت میں دیکھا گیا ہے تو لسانی بنیادوں پر پیدا ہونے والے تنازعات کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو سکتا ہے۔

نئے صوبوں کا قیام وقت کی ایک اہم ضرورت ہے جو پاکستان کے مستقبل کو مستحکم اور روشن بنا سکتی ہے۔ پاکستان کی قومی اسمبلی اور سینیٹ کو اس حساس لیکن اہم قومی معاملے پر سیاسی تعصب سے بالاتر ہو کر سوچنا چاہیے۔

اس ضمن میں مستقل کمیشن برائے انتظامی حدود تشکیل دیا جانا چاہیے جو غیر جانبدارانہ ماہرین، اکانومسٹس اور آئین دانوں پر مشتمل ہو۔ یہ کمیشن جغرافیائی، معاشی اور انتظامی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے صوبوں مثلاً جنوبی پنجاب، ہزارہ، بہاولپور وغیرہ کے قیام کے لیے سفارشات مرتب کرے۔ آئینی ترامیم کے ذریعے اگر صوبائی ساخت کی احسن انداز میں تنظیم نو کر دی جائے تو اس سے نہ صرف وفاق مضبوط ہوگا بلکہ پاکستان ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن ہو جائے گا۔

ادارتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ



ایشین ٹیم اسکواش میں شاندار کارکردگی، کھلاڑیوں کیلئے 10، 10 لاکھ روپے کی انعامی رقم

اسلام آباد (آئی این پی) ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی پاکستانی ٹیم کے کھلاڑیوں کو 10، 10 لاکھ روپے کے نقد انعامات دیے گئے۔ وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ اور صدر پاکستان اسپورٹس بورڈ رانا ثنا اللہ خان نے بدھ 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 میں تاریخی کامیابی حاصل اور اشہب عرفان کو 10، 10 لاکھ روپے دیے۔

میری زندگی میں فی الحال کوئی مرد نہیں، ثانیہ مرزا

ممبئی (آئی این پی) بھارت کی سابقہ ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے اپنی ذاتی زندگی اور تعلقات سے متعلق قیاس آرائیوں پر خاموشی توڑ دی۔ حال ہی میں ثانیہ مرزا نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں ان کے ہمراہ ان کی قریبی دوست اور فلم ساز فرح خان بھی موجود تھیں۔ گفتگو کے دوران ثانیہ کی نجی زندگی اور ڈیٹنگ سے متعلق موضوع زیر بحث آیا، جس پر میزبانوں نے ان سے پوچھا کہ کیا کسی نے انہیں کافی پر ملاقات کی دعوت دی ہے؟ سابقہ ٹینس اسٹار نے بتایا کہ میرے مرد دوست اکثر مجھے اپنے ساتھ سیر وتفریح کے لیے مدعو کرتے ہیں، تاہم میں انہیں ممکنہ رومانوی ساتھی کے بجائے صرف اپنے دوستوں میں سے ایک سمجھتی ہوں۔ اس موقع پر فرح خان نے بتایا کہ میرے بعض دوست اکثر مجھ سے رابطہ کر کے پوچھتے ہیں کہ آیا ثانیہ واقعی سنگل ہیں یا نہیں؟ اس سوال پر ٹینس اسٹار نے واضح جواب دیتے ہوئے کہا کہ میری زندگی میں اس وقت کوئی مرد نہیں ہے

پاکستان کے نوجوان کرکٹرز کا شاندار کارنامہ، ٹیسٹ کرکٹ میں نئی تاریخ رقم

راولپنڈی (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ڈیبیو کرنے والے کھلاڑیوں نے سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ڈیبیو کرنے والے 3 پاکستانی کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کر کے نئی تاریخ رقم کی، ان کھلاڑیوں میں طیب عارف، محمد طہٰ اور عرفات منہاس شامل ہیں۔ طیب عارف نے 51 گیندوں پر، 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 57 رنز بنائے، محمد طہٰ 105 گیندوں پر، 5 چوکوں کی مدد سے 51 رنز بنائے اور عرفات منہاس نے 72 گیندوں پر 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 52 رنز اسکور کیے۔ پاکستانی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کے بعد ٹیسٹ کرکٹ میں قومی ٹیم دوسری ایسی ٹیم بن گئی ہے جس کے ٹیسٹ کرکٹ میں ڈیبیو کرنے والے 3 کھلاڑیوں نے ایک ہی اننگز کے دوران نصف سنچریاں بنائی ہیں۔ اس سے قبل 1992 میں زمبابوے نے بھارت کے خلاف اپنے پہلے ٹیسٹ میچ میں ایسا کارنامہ انجام دیا تھا۔ اس میچ میں ڈیبیو کرنے والے 3 زمبابوین کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کی

عثمان خواجہ کے الزامات پر کمنز کا ردعمل، اہلیہ کیساتھ مبینہ تلخ کلامی کی ویڈیو بھی وائرل

پاتی ہے۔ تاجر برادری دن رات محنت کر کے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے بلکہ ملکی معیشت کو بھی مستحکم بناتی ہے۔ صدر چیمبر کا کہنا تھا کہ ہم وزیر آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پلیٹ فارم سے تاجر برادری اور صنعتکاروں کے لیے بھرپور کام کریں گے۔ تاجروں کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔ اس موقع پر سینئر وائس پریزیڈنٹ راشد رفیق بھٹہ، وائس پریزیڈنٹ چوہدری محمد نواز چیمہ کے علاوہ سبکدوش ہونے والے صدر ڈاکٹر سید مظاہر حسین زیدی، ایگزیکٹیو ممبران ڈاکٹر سید ظفر حسین زیدی، انصر جاوید تارڑ، ابوبکر فاروق مرزا، عبدالرشید کلیر، سبحان رشید، سیکرٹری جنرل تسلیم حیدر، ایڈمن انچارج ڈاکٹر سید رضا سلطان، سید شمر رضا زیدی، ڈاکٹر خالد محمود، محمد آصف بٹ اور محمد شہریار بھی موجود تھے اس موقع پر سبکدوش ہونے والے صدر ڈاکٹر سید مظاہر حسین زیدی نے نومنتخب صدر میاں صبیح الرحمان کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور بھرپور تعاون کا یقین دلایا، راشد رفیق بھٹہ، چوہدری محمد نواز چیمہ نے کہا اتحاد و یگانگت ہی کسی بھی ادارے کی ترقی کی ضامن ہوتی ہے

بقیہ 18

میں بین الاقوامی طبی امدادی ادارے میڈیسنز سانز فرنٹیئرز (MSF) کے طبی پروگرام کو آئندہ پانچ ماہ میں بند کرنے کے حوالے سے سامنے آنے والی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس فیصلے پر نظرثانی کی جائے اور چمن میں ادارے کی طبی خدمات کا تسلسل یقینی بنایا جائے چمن میں سرکاری طبی اداروں کو پہلے ہی محدود وسائل، طبی عملے کی کمی، جدید طبی آلات کے فقدان اور مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں ایم ایس ایف جیسے بین الاقوامی طبی ادارے کی موجودگی عوام کے لیے ایک اہم سہارا ہے ایم ایس ایف گزشتہ کئی برسوں سے چمن میں طبی خدمات انجام دیتا رہا ہے۔ بالخصوص زچہ و بچہ کی صحت، زچگی کی پیچیدگیوں، نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت، بچوں کے علاج اور غذائی قلت سے متاثرہ بچوں کی طبی معاونت کے شعبوں میں اس کا کردار اہم رہا ہے شہر اور گردونواح میں غریب اور کم آمدنی والے خاندانوں کی ایک بڑی تعداد ایسی ہے جو نجی ہسپتالوں کے مہنگے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتی۔ ان خاندانوں کے لیے مفت اور معیاری طبی سہولیات کا خاتمہ براہ راست صحت اور زندگیوں کو متاثر کرسکتا ہے انہوں نے صوبائی حکومت اور ایم ایس ایف کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چمن میں ایم ایس ایف کا طبی پروگرام بند کرنے کے مجوزہ فیصلے پر نظرثانی کی جائے تاکہ شہر میں مریضوں خصوصاً زچہ و بچہ، نوزائیدہ بچوں اور غذائی قلت کے شکار بچوں کی طبی خدمات متاثر نہ ہوں اور پروگرام کی بندش سے قبل مقامی آبادی کی طبی ضروریات اور زمینی حقائق کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے

بقیہ 19

خاندانوں کے روزگار اور معاشی حالات پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ تجارت کے محدود مواقع، کاروباری مشکلات اور معاشی سرگرمیوں میں کمی نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کیا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ نئے کور کمانڈر کی جانب سے تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کو اہمیت دینا ایک مثبت پیش رفت ہے۔ عوام پاکستان پارٹی اس مؤقف کی مکمل حمایت کرتی ہے اور امید رکھتی ہے کہ اس حوالے سے محض اعلانات تک محدود رہنے کے بجائے جلد عملی اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ بلوچستان میں تجارت کے راستے کھلیں، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے اور مقامی لوگوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور تجارتی امکانات کے اعتبار سے غیر معمولی اہمیت کا حامل صوبہ ہے، لیکن ان امکانات سے بھرپور استفادے کے لیے ضروری ہے کہ تجارت اور کاروبار سے وابستہ تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے اور تاجروں کو محفوظ، آسان اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ سید امان شاہ نے امید ظاہر کی کہ نئے کور کمانڈر بلوچستان کی دیرینہ تجارتی و معاشی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکومتی اداروں، تاجر برادری اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر موثر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 20

استحکام اور عوام کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کا فروغ بلوچستان کی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے۔ سرحدی تجارتی راستوں کو قانونی اور منظم انداز میں فعال بنانے سے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے بندوق کے کلچر کی بجائے تعلیم، شعور، تجارت اور روزگار کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبے میں امن اور ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور سیاسی قیادت کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔

بقیہ 21

انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبے کی تمام بند شدہ ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ یونین رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ یہاں ریلوے کا نظام سب سے زیادہ زبوں حالی کا شکار ہے۔ ماضی میں کوئٹہ سے ملک کے مختلف شہروں کے لیے متعدد ٹرینیں چلا کرتی تھیں جنہیں بتدریج بند کر دیا گیا، جس کا براہِ راست نقصان غریب عوام، مزدوروں، طلباء، مریضوں اور چھوٹے تاجروں کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور بسوں کے ہوشربا کرایوں کے باعث عام آدمی کی قوت خرید جواب دے چکی ہے، ایسے میں ریلوے ہی واحد سستا، محفوظ اور آرام دہ ذریعہ سفر تھا جسے بند کر کے عوام کو سڑکوں پر دھکیل دیا گیا ہے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ کراچی جانے والے مزدوروں، مریضوں اور طلباء کی سہولت کے لیے بولان میل جبکہ کوئٹہ کو سبی، جیکب آباد، ڈیرہ غازی خان اور ملتان سے ملانے والی چلتن ایکسپریس سمیت صوبے کی تمام بند ٹرینوں کو بلاتاخیر فعال کیا جائے۔ مشترکہ بیان میں مزید کہا گیا کہ اگر ریلوے خسارے میں ہے تو اس کا بوجھ ہمیشہ بلوچستان کے غریب عوام پر ہی نہیں ڈالا جانا چاہیے، جبکہ ٹرینوں کی بندش سے ریلوے ملازمین بھی متاثر ہو رہے ہیں لہٰذا ان کی تنخواہوں، پنشن اور دیگر مراعات کے مسائل بھی فوری حل کیے جائیں۔ یونین رہنماؤں نے وفاقی وزیر ریلوے اور جنرل منیجر ریلوے سے اس معاملے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا کہ اگر عملی اقدامات نہ اٹھائے گئے تو یونین احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری ریلوے انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 22

ہیں۔ اس سلسلے میں 13 نومبر کو (بروز جمعہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kv پی ٹی وی، اسٹیڈیم، شہباز ٹاؤن، مارک فیکٹری، دیبہ، جی او آر کالونی

فیڈروں سے صبح 7 بجے سے دن 11 بجے تک بجلی بند رہیگی، اسی طرح 14 نومبر اور 15 نومبر کو (روزانہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kv پی ٹی وی، اسٹیڈیم، شہباز ٹاؤن، مارک فیکٹری، دیبہ، جی او آر کالونی فیڈروں سے صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز 14 نومبر (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سمنگلی ایکسپریس، بی ایم سی، ولدار کاریز فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسکے علاوہ 15 نومبر اور 16 نومبر کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11 kv ائیرپورٹ، ویسٹرن بائی پاس، پی اے ایف، جبل نور، داریم، خروٹ آباد، دوستین، عمر، آریا، ادیان، کڈنی فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 16 نومبر کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اولڈ سمنگلی، پی اے ایف سٹی، انٹرلنکنگ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 23

لیے دور دراز ہسپتالوں کا رخ کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کلی حصار کے اسپتال میں علاج معالجے سمیت تمام ضروری سہولیات فوری طور پر فراہم کی جائیں تاکہ مقامی آبادی کو اپنے علاقے میں طبی سہولیات میسر آسکیں

بقیہ 24

ل میں پیش پیش ہو کر کام کر رہا ہے وہ ضلع کوہلو میں قبائلی تنازعات کو جرگوں کے ذریعے حل کر کے ضلع کوہلو میں امن قائم ہو رہا ہے وڈیرہ شیریں خان ایک مخلص اور عوامی خدمت سے سرشار ہے ان کے دروازے عوام کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں وہ ضلع کوہلو کے عوام کے اجتماعی مسائل کے حل کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کر رہا ہے۔

بقیہ 25

جمعیت س گروپ مولانا سمیع الحق گروپ مولانا ثانی عبدالحق حقانی کے ایک نومبر سے لیکر گیارہ نومبر سے کوئٹہ آرہے تھے جو کہ بلوچستان کے پانچ دورہ تھا ان کو شرکت میں مولانا محمد شفیق دولت زئی کوئٹہ آئے تھے مگر سے اطلاع آئی کہ ان کے بڑے بھائی مولانا عبدالستار مرحوم کے اہلیہ جو کہ ممتاز معالج ڈاکٹر زین اللہ کے بہن بھی وفات پا گئی تو مولانا کے قائد جمعیت مولانا عبدالحق ثانی حقانی کے دورہ میں شرکت کرنے کے بجائے فوراً قلعہ سیف اللہ گئے جو کہ فاتحہ خوانی میں دس دن تک شرکت کرینگے جبکہ ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ بھی مولانا محمد شفیق دولت زئی کے فاتحہ خوانی میں بیٹھے ہیں فاتحہ خوانی رہائش گاہ مولانا محمد شفیق دولت زئی کے گھر پر جاری ہیں مولانا محمد شفیق دولت زئی جمعیت س بلوچستان کے کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ قائد جمعیت س کے دورہ کامیاب کرنے میں جدوجہد جاری رکھیں۔

بقیہ 26

بچاؤ، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور انسانی جانوں کے تحفظ سے متعلق شعور اور عملی مہارتیں پیدا کرنا تھا۔ تربیتی ٹیم کی قیادت اسسٹنٹ صوبائی سیکرٹری بلوچستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن سعد وقاص نے کی، جبکہ ٹیم میں صوبائی آرگنائزر انیس بیگ، اسسٹنٹ صوبائی آرگنائزر طلال الدین، اختر زیب اور شکیل بھی شامل تھے۔ تربیتی سیشنز کے دوران اسکاؤٹس کو قدرتی آفات سے قبل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے، آفات کے دوران محفوظ رہنے، اپنی اور دوسروں کی جان بچانے اور ہنگامی حالات میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے طریقے سکھائے گئے۔ اس کے علاوہ بنیادی طبی امداد (Basic First Aid) کی تربیت بھی فراہم کی گئی تاکہ بچے کسی حادثے یا ہنگامی صورتحال میں ضرورت مند افراد کی فوری مدد کرسکیں۔ اسکول کے بچوں نے تربیتی سرگرمیوں میں بھرپور دلچسپی اور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس تربیت کے ذریعے انہیں آفات سے نمٹنے، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور ابتدائی طبی امداد سے متعلق اہم معلومات اور عملی مہارتیں حاصل ہوئیں۔ اس موقع پر اسکول کی جانب سے بہترین تعاون اور میزبانی کے اعتراف میں پرنسپل ندیم ترین کو ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ بیج کا یادگاری سووینئر پیش کیا گیا۔ اس تربیتی سرگرمی کی کامیابی میں اسکول کے اسکاؤٹ انچارج علی رضا لام رضا چنگیزی، پرنسپل ندیم ترین اور دیگر اساتذہ سمیت پوری اسکول انتظامیہ کا بھرپور تعاون شامل رہا۔

بقیہ 27

لیے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں ان کی خصوصی دلچسپی اور بروقت فیصلوں کے نتیجے میں درجنوں اہلکاروں کی ضبط شدہ سروس اور تنزلی کے بعد رینک بحال کیے گئے ہیں، جبکہ برطرف ملازمین کی دوبارہ بحالی اور متعدد افسران و اہلکاروں کی ترقی کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی کی جانب سے ملازمین کے مسائل ذاتی دلچسپی سے سننے اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کو لسبیلہ ڈویژن عوامی حلقوں سمیت محکمہ پولیس حلقوں میں سراہا جا رہا ہے ان فیصلوں سے پولیس فورس میں اطمینان اور اعتماد کی فضا پیدا ہوئی ہے واضح رہے کہ ضلع لسبیلہ، ضلع حب اور ضلع آواران کے پولیس ملازمین کو ماضی میں سروس اور محکمانہ معاملات کے لیے خضدار رینج کے دفاتر جانا پڑتا تھا جس سے وقت اور وسائل ضائع ہوتے تھے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا تاہم لسبیلہ رینج کے قیام کے بعد اب یہ مسائل لسبیلہ ڈویژن ہیڈکوارٹر تحصیل اوتھل میں ہی حل ہونے لگے ہیں جس سے ضلع حب، ضلع لسبیلہ اور ضلع آواران تینوں اضلاع کے پولیس ملازمین کو بڑی سہولت میسر آئی ہے ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی کے ان اقدامات کو ملازمین کے جائز حقوق کی فراہمی محکمانہ بہتری اور لسبیلہ ڈویژن رینج کے قیام کے مقاصد کو عملی شکل دینے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 28

عبدالوکیل جھیار سیکرٹری اطلاعات مولوی احمد شاہ جانی حافظ محمد ولی مالیات مظام الدین ترین سمیع اللہ محمد ابراہیم عبدالباسط اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قوم موجودہ فرسودہ، کرپٹ، اور ظالمانہ نظام کی تباہ کاریوں اور مسلسل بحرانوں سے شدید پریشان ہوکر ایک نئے اور عادلانہ نظام کی تلاش میں ہے اس وقت ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کا واحد حل اسلام کے عادلانہ نظام کے فوری اور مکمل نفاذ میں مضمر ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ 78 سال سے قوم کو بے رحم کرپٹ اور نااہل حکمران کے سپرد کیا ہے، جس کی بدولت آج ملک و قوم کو ہولناک معاشی تباہی اور گہرے بحرانوں کا سامنا ہے جب تک ملک میں ایک مضبوط، مستحکم اور بااصول نظام قائم نہیں ہوگا، تب تک نہ تو سیاسی استحکام آسکتا ہے اور نہ ہی ملک و قوم کو ان مشکلات اور بحرانوں سے نجات مل سکتی ہے، موجودہ استحصالی نظام، جبر، اور نااہل حکمران کے خاتمے کیلئے ایک منظم اور مسلسل جدوجہد وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے انہوں نے مزید کہا کہ اسلامی نظام ہی دراصل انسانیت کی اجتماعیت اور فلاح کی حقیقی اساس ہے جس کیلئے رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے ہروقت قوم بالخصوص نوجوانوں کو سچ بولنے کی ترغیب دی ہے کہ خود بھی سچ بولے اور سچ کے ساتھ دو، خود بھی جھوٹ نہ بولو اور جھوٹ خور کے ساتھ بھی نہ دو اسی لیئے اسلامی نظام میں کامیابی ہے



کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی سے خاران کے ممتاز قبائلی و سیاسی رہنماء حاجی محمد آسا سیاپاد، حاجی آغا خان ریکی، مولانا محمد قاسم چشتی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تربت دورے کے موقع پر منعقدہ پولیس دربار سے خطاب کر رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس سینٹر کے قیام کے آخری مراحل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی اختر بی بی اور انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن عابدہ بتول ملاقات کر رہی ہیں



کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، مرتضیٰ خان کاکڑ، عارف دمڑ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



اوستہ محمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں فری میڈیکل آئی کیمپ کا افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ، آل پاکستان مائن اونرز ایسوسی ایشن کے زیر صدارت منرل انویسٹمنٹ فورم کے حوالے سے اجلاس میں چیئرمین میر بہروز ریکی، میر مددخان سنجرانی فتح شاہ، عاصم سنجرانی اور دیگر شریک ہیں





جامعہ گوادر میں اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

ASARR اجلاس میں گریجویٹ پالیسی کی منظوری اور نئے تعلیمی پروگرام پر غور



کوئٹہ، ڈائریکٹر افرادی قوت تربیت ارشاد احمد کے ہمراہ لیپکا کے وفد کا گروپ فوٹو

بقیہ 29

عبدالنعیم آغا، فنانس سیکرٹری ملک محمد حسن محمد حسنی، پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھیازئی و دیگر نے کہا ہے کہ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ کی کارکردگی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ نے مختصر وقت میں لواحقین کیس پر نوٹس لیتے ہوئے صوبائی فنانس سیکرٹری حافظ عثمان زہری کو احکامات جاری کیے کہ یہ کیس کا فائل آج مکمل ہونی چاہیے صوبائی صدر کے ہدایت پر حافظ عثمان زہری نے کیس مکمل کروا کے اسکا نام لواحقین کوٹھے میں ڈالا جو قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمال شاہ کاکڑ کی کارکردگی ہمیشہ سے اسی طرح ملازمین کے لیے نیک کام کرتے ہوئے گزری ہے۔ انہوں نے فوری طور پر ایک گھر کے روزگار کی سہولت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں جمال شاہ کاکڑ اور حافظ عثمان زہری پر فخر ہے آج انہوں نے اپنے مصروفیات کو چھوڑ کر اس مسئلے کو حل کروا دیا جوان کی کارکردگی کی مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بھی الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے ممبران کو کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ اس میں ذاتی دلچسپی لے کر اس مسئلے کو حل کراتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمال شاہ کاکڑ نے ہمیشہ ملازمین کے حقوق کے لیے کام کیا اور ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے۔ اسی وجہ سے لوگ جوق در جوق الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن بلوچستان میں شامل ہو رہے ہیں۔ آج صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ نے مختصر وقت میں لواحقین کیس پر نوٹس لیتے ہوئے صوبائی فنانس سیکرٹری حافظ عثمان زہری کو احکامات جاری کیے کہ یہ کیس کا فائل آج مکمل ہونی چاہیے صوبائی صدر کے ہدایت پر حافظ عثمان زہری نے کیس مکمل کروا کے اسکا نام لواحقین کوٹھے میں ڈالا جو قابل تعریف ہے۔

بقیہ 30

اسد ناصر کی خصوصی ہدایات پر پولیس نے ملزمان کی گرفتاری اور مسروقہ سامان کی برآمدگی کے لیے کارروائی شروع کی۔ ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی جانب سے دیے گئے خصوصی ٹاسک و نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی انسپکٹر عبدالرف جمالی نے انچارج سی آئی اے نصیر آباد بہادر علی ڈوکی اور دیگر پولیس ٹیم جن میں ہیڈ کانسٹیبل کرم دین ابڑو، ہیڈ کانسٹیبل محبوب علی سولنگی، ہیڈ کانسٹیبل محمد صدیق جمالی، کانسٹیبل ساجد علی سولنگی، ملک مٹھا خان بیچو ہا و دیگر پولیس کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چھاپہ مار کر ڈکیتی کی واردات میں ملوث تین ملزمان معراج ولد عبدالنبی شہزاد ولد عبدالمجید اور پرویز ولد عبدالرحیم، تینوں قوم لہڑی، کو گرفتار کرلیا۔ ایس ڈی پی او غلام سرور مینگل نے مزید بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضے سے ڈکیتی کی واردات میں چھینی گئی بھاری نقد رقم اور مختلف اقسام کے 04 موبائل فونز برآمد کیے گئے ہیں۔ گرفتار ملزمان ڈکیتی کے ایک دوسرے مقدمے میں بھی مطلوب تھے، جس میں مزید موبائل فونز بھی برآمد کر لیے گئے ہیں۔ اس طرح پولیس نے مجموعی طور پر چھینے گئے 10 موبائل فونز برآمد کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی زیر قیادت میں نصیر آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر اور بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور علاقے میں امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 31

سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز نوحصار اول، کتیر، خان شہید، کاریزات، شرقی کچلاغ، بلیلی اول، سملی، بلیلی دوئم، ریگی ناصران کے علاقائی یونٹس، کمیٹیوں، ابتدائی یونٹوں، چشمہ گارڈن ٹاؤن یونٹ کے علیحدہ علیحدہ اجلاس منعقد ہوئے۔ جس سے پارٹی کے پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت کاکڑ، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری معلم سعید خان کاکڑ، ضلع مالیات سیکرٹری ڈاکٹر تواب اچکزئی، ضلع ایگزیکٹیوز ظفر خان بازئی، گلاب خان سلیمانخیل، ملک انور بڑیچ، تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ، سینئر معاون سیکرٹری رحمت ناصر، علاقائی رہنماؤں حاجی احسان اللہ کاکڑ، اکبر زیارتوال، پالے شاہ آغا، ملک منیر بازئی، ملک یاسین ناصر، ملک سہیل کاسی، ولی محمد وطن دوست، عبدالرحمٰن افغانی، سید قدرت آغا اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔



کوئٹہ، انجینئر میر بختیار پہنور کی عمرے سے واپسی پر حاجی ہزار خان پہنور استقبال کر رہے ہیں

پشتونخوا میپ ملک میں روز اول سے حقیقی جمہوریت کیلئے کوشاں ہے، سید عبدالصمد آغا

پارٹی قیادت ملک میں آزاد عدلیہ، آزاد پریس اور خودمختار پارلیمنٹ کیلئے جدوجہد پر عمل پیرا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی خان شہید یونٹ کلی جنگل طورخیل سیدان ضلع پشین کے یونٹ سیکرٹری سید حکمت اللہ آغا، سینئر معاون سیکرٹری محمد ہاشم آغا، پریس سیکرٹری سید عبدالصمد آغا نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پشتونخوا میپ ملک میں روز اول سے حقیقی جمہوریت کیلئے کوشاں ہے اور ملک میں خودمختار پارلیمنٹ، آزاد عدلیہ، اور آزاد پریس کی جدوجہد کیلئے ہمیشہ سے صف اول کی کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں تمام انسانی حقوق کو سلب کیا جا رہا ہے 2 دسمبر خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 53 ویں برسی کے لئے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور جلسہ عام میں بھرپور شرکت کا اعلان کیا گیا تمام کارکنوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں اور پارٹی کے صوبائی نائب



صدر اور سابق ایم پی اے عبدالمجید خان اچکزئی کو عدالت کی جانب سے 7 سال بعد سزا دینا انصاف کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا گیا جس سے پارٹی کے کارکن سمجھتے ہیں کہ یہ انتقامی کارروائی کی جارہی ہے جس سے پارٹی کے کارکنوں کو فیصلے سے مایوسی ہوئی اور شدید بے چینی پائی جاتی ہے لہٰذا فیصلے کو اعلیٰ عدالت فوری طور پر ختم کریں اور انصاف کے تقاضوں کو پورے کیے جائیں۔

مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 13 نومبر 2026 کے لیے ہوگا۔ یاد رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کردی ہے اور پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 335 روپے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 364 روپے فی لیٹر مقرر کی تھی۔

بقیہ 11

دھماکے کے نتیجے میں دو شہری شہید اور متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان محکمہ پولیس بلوچستان کے مطابق فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں نے بارود سے بھری گاڑی کے ذریعے سکیورٹی پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے حملے کے منصوبے کو ناکام بنا دیا۔ ترجمان کے مطابق دھماکے سے قریبی مکانات اور ایک مسجد کو نقصان پہنچا۔ واقعے میں کلیم اللہ ولد عبداللہ اور بی بی لائبہ دختر دل مراد شہید ہوگئیں، جبکہ تین ایف سی اہلکاروں سمیت متعدد افراد زخمی ہوئے۔

بقیہ 12

بتایا ہے کہ انہوں نے جے ڈی وینس کو ایران کے ساتھ مذاکرات کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ وینس کو ایرانی عہدیداروں سے براہ راست ملاقات کے لیے بھیجے سے متعلق بات چیت ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔

بقیہ 19

اختیار کرگئی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق حوثیوں کے ترجمان یحییٰ سریع کا کہنا تھا کہ ان کے ڈرون نے بحیرہ احمر کے ساحلی شہر ینبع میں تیل پمپنگ اسٹیشن کو نشانہ بنایا جبکہ ریاض کے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر 3 کروز میزائل داغے گئے۔ دوسری جانب سعودی اتحادی افواج نے ریاض کی جانب آنے والے 3 کروز میزائل اور مکہ مکرمہ سمیت جنوبی علاقوں کی طرف بھیجے گئے ڈرون تباہ کرنے کا دعوی کیا ہے۔ یمنی فوج کے مطابق صوبہ الجوف، مرب، البیضا اور تعز میں حوثیوں کے خلاف 773 توپ خانے کے حملے، 44 ڈرون حملے اور 37 راکٹ حملے کیے گئے جن میں 138 حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے۔ ریاض پر میزائل حملے کی کوشش

پرمبنی ہیں۔ طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے وکلا طبی ماہرین بننے کے بجائے اپنے کام پر توجہ دیں تو کوئی فائدہ مند صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔

بقیہ 25

یاسین میں جاگری اور سوار 10 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے ہیں۔ امدادی ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں 3 خواتین بھی شامل ہیں۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا تھا کہ مقامی رضاکاروں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے 10 لاشیں اسپتال منتقل کردی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جائے حادثہ پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیراعلی گلگت بلتستان امجد حسین نے یاسین میں مسافر گاڑی کے الم ناک حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلی نے ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں اور محکمہ صحت کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طور پر قریبی اسپتالوں میں منتقل کیا جائے اور انہیں علاج معالجے کی بہترین

Government of Pakistan
Staff Welfare Organization Establishment Division

JOB OPPORTUNITIES - CORRIGENDUM

JOIN PUBLIC SERVICE – BALOCHISTAN QUOTA
Your Land, Your Future, Your Pakistan

With reference to the recruitment advertisement published by Staff Welfare Organization in different newspapers through Advertisement No. PID(I) 4067/26 regarding appointments on vacant posts against Balochistan Quota. It is hereby clarified for the information of all interested applicants that the entire recruitment process, including scrutiny of documents and conduct of Walk-in-Interviews, shall be carried out locally at the district level through the duly constituted Selection Committee in the concerned districts of Balochistan.

Accordingly, applicants are advised to approach the respective Selection Committee in their districts for participation in the Walk-in-Interview along with all original documents. The venue of Staff Welfare Organization, CGS Colony, Satellite Town, Quetta and date of interview mentioned in the original advertisement shall stand modified accordingly.

All other terms and conditions of the original advertisement shall remain unchanged.

(SABBAH MUSOOD)
Deputy Director (Admn)
Staff Welfare Organization
Establishment Division, Islamabad

PID(K)4395/26

دہشتگردوں کو ان کے ناپاک عزائم میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے، وزیراعظم

دہشتگردی کے عفریت کے خاتمے کیلئے حکومت پرعزم ہے پوری قوم اپنے بہادر پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

کوہاٹ میں 10 شہدا کی نماز جنازہ ادا، گورنر خیبرپختونخوا سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت، شہدا کو خراج عقیدت پیش کارروائی پر خراج تحسین

اسلام آباد، کوہاٹ (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کوہاٹ کے علاقے دارہ بکاخ میں دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی حیدر زمان سمیت خیبرپختونخوا پولیس کے 10 اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر

بیرسٹر گوہر کی شاہ محمود قریشی سے ملاقات، خیریت دریافت کی

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے لاہور میں پارٹی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات کے دوران بیرسٹر

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

ایران جنگ پر مواخذے سے بچنے والے امریکی وزیردفاع کو نئی ہزیمت کا سامنا

محافظ نے ویٹرنز ڈے کی تقریب میں شرکت کے دوران قبرستان میں آنے کے ادب وآداب سکھا دیئے

واشنگٹن (آئی این پی) ایران جنگ پر مواخذے سے بچنے والے امریکی وزیر دفاع کو نئی ہزیمت کا سامنا کرنا پڑ گیا۔ محافظ نے امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کو ویٹرنز ڈے کی تقریب میں شرکت کے دوران قبرستان میں آنے کے ادب وآداب سکھا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

بلوچستان میں ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں ٹرین آپریشن معطل کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں ٹرین آپریشن معطل کر دیا گیا، پشاور کے لئے جعفر ایکسپریس روانہ نہیں ہوگی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہوگئے

لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہوگیا

تربیلا (این این آئی) تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہوگئے۔ تکنیکی خرابی کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس محمد یحییٰ آفریدی خواتین کیلئے سہولیاتی مراکز کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبے کو معدنی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم جیسے بین الاقوامی پلیٹ فارمز پاکستان کے معدنی وسائل کو عالمی توجہ حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں

بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت کا حامل صوبہ ہے' وائس چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں بلوچستان کی نمائندگی کرتے ہوئے شرکت کی، جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، نائب

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

بانی پی ٹی آئی نے نئے صوبے بنانے کی حمایت کردی، پارٹی ذرائع

بانی کی بشریٰ بی بی اور اپنی بہنوں سمیت تمام خواتین اسیران کی رہائی کے کیلئے فوری طور پر مذاکرات کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک میں نئے صوبے بنائے جانے کی واضح حمایت کرتے ہوئے موقف اپنایا ہے کہ نئے صوبے بننے چاہئیں اور یہ اقدام ملک کے مفاد میں ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے لطیف کھوسہ اور سلمان صفدر کی جیل میں ہونے والی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ پارٹی ذرائع کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی اور اپنی بہنوں سمیت تمام خواتین اسیران کی رہائی کے کیلئے

بقیہ نمبر37 صفحہ 7 پر

ملاقاتیں ہوتی رہنی چاہییں، غلط فہمیاں دور ہوں گی، قمر زمان کائرہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ سیاسی ملاقاتیں ہوتی رہنی چاہییں کیونکہ اس سے غلط فہمیاں دور ہوتی ہیں، بلاول بھٹو بھی کہتے ہیں کہ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اس وقت نئی آئینی ترمیم کے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

اسرائیل میں سیاسی بحران میں شدت، آئزن کوٹ کو بھی حکومت کی تشکیل میں مشکلات

اسرائیلی پارلیمنٹ کی 120 نشستوں میں سے گادی آئزن کوٹ کو 67 ارکان کی حمایت حاصل

تل ابیب (آن لائن) اسرائیل میں سیاسی بحران شدت اختیار کر گیا، وزیراعظم نیتن یاہو پارلیمانی اکثریت کھو چکے ہیں جبکہ ان کے حریف گادی آئزن کوٹ کے لئے بھی نئی حکومت تشکیل دینا آسان نہیں۔ اسرائیلی پارلیمنٹ کی 120 نشستوں میں سے گادی آئزن کوٹ کو 67 ارکان کی حمایت حاصل ہے تاہم یہ حمایت چھ مختلف نظریاتی جماعتوں پر

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے حکم پر نظرثانی کی استدعا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے معاملے پر وفاقی آئینی عدالت میں اہم درخواست دائر کردی۔ آئینی درخواست وکیل شاہ فیصل الیاس ایڈووکیٹ اور علی زمان ایڈووکیٹ کے ذریعے دائر کی گئی ہے۔ درخواست پشاور ہائیکورٹ میں زیر سماعت مقدمے میں فریق بننے کے لیے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بیرسٹر گوہر علی خان

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

سرحدی تجارت کا فروغ صوبے کی معیشت کے لیے انتہائی اہم ہے، حاجی علی مدد جتک

کور کمانڈر کا بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی میں اہم کردار ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بھی بلوچستان میں امن، معاشی

بقیہ نمبر40 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ اور دیگر کا گروپ فوٹو

ضلعی انتظامیہ کا غیرقانونی کرش پلانٹ کے خلاف آپریشن، پلانٹ سیل، 10 افراد گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کا چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی کرش پلانٹ کے خلاف آپریشن، پلانٹ سیل، 10 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی نے چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی طور پر کام کرنے والے کرش پلانٹ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پلانٹ کو سیل کر دیا، جبکہ موقع پر موجود عملے کو گرفتار کرکے قانونی کارروائی کے بعد جیل منتقل کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے واضح

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

سیکورٹی خدشات، جرمن فوج کا چینی ساختہ ڈرونز کا استعمال بند کرنے کا فیصلہ

ہماری مصنوعات کو نشانہ بنانا امتیازی طرزِ عمل ہے، ترجمان چینی وزارت خارجہ کا ردعمل

برلن (این این آئی) جرمنی کی مسلح افواج نے سیکورٹی خدشات اور حساس معلومات کے تحفظ کے پیش نظر چینی ساختہ ڈرونز کا استعمال بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کی جگہ اب یورپ میں تیار کیے گئے ڈرونز استعمال کیے جائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جرمن وزارت دفاع کے ترجمان نے بتایا کہ اس فیصلے کا مقصد فوج کی تکنیکی خودمختاری اور خود انحصاری کو مضبوط بنانا ہے۔ جرمن وزارت دفاع کے ترجمان کے مطابق ماضی میں چینی کمپنیوں کے تیار

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

چھٹی حج کانفرنس اور نمائش میں شرکت کرنے والوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا، سعودی وزیر

جدہ (یو این اے) سعودی عرب کے وزیر حج وعمرہ توفیق الربیعہ نے کہا ہے کہ چھٹی حج کانفرنس اور نمائش میں شرکت اور بین الاقوامی دلچسپی کے حوالے سے نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ اس میں حصہ لینے والے اداروں کی تعداد 2022 میں 84 تھی جو موجودہ ایڈیشن میں بڑھ کر تقریباً 520 ہوگئی ہے، یعنی اس میں پانچ گنا سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ایس پی اے کے مطابق توفیق الربیعہ نے بتایا کہ ایونٹ میں شرکت کرنے والوں کی تعداد کا اندازہ 2 لاکھ سے متجاوز ہے۔ اس میں 150 سے زائد ممالک کی شرکت شامل ہے۔

استقبالیہ تقریب میں میکرون کے سامنے دو فرانسیسی گارڈ اچانک زمین پر گر پڑے

واقعہ اس وقت پیش آیا جب سلوواکی صدر کی گاڑی فرانسیسی صدارتی محل کے داخلی دروازے پر پہنچی

پیرس (این این آئی) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں ایلیسی پیلس کے باہر سلوواکی صدر پیٹر پیلیگرینی کے استقبال کی تقریب کے دوران فرانسیسی اعزازی دستے کا دو اہلکار اچانک بے ہوش ہوکر زمین پر گر پڑے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب سلوواکی صدر کی گاڑی فرانسیسی صدارتی محل کے داخلی دروازے پر پہنچی۔

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

خیبر میڈیکل کالج کی سالانہ تقریب تقسیم اسناد کا انعقاد، 580 طلبہ میں اسناد تقسیم

26 طلبہ نے گولڈ میڈل حاصل کیے، تین ممتاز اساتذہ کو زندگی بھر کی خدمات پر اعزاز سے نوازا گیا

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر میڈیکل کالج پشاور کی سالانہ تقسیمِ اسناد کی تقریب 2026 کا انعقاد جمعرات کے روز جامعہ پشاور کے کنووکیشن ہال میں منعقد ہوا، جس میں 580 فارغ التحصیل طلبہ و طالبات کو اسناد دی گئیں۔ تقریب کی مہمانِ خصوصی گورنر خیبرپختونخوا کی مشیر برائے صحت لیفٹیننٹ ریٹائرڈ جنرل ڈاکٹر نگار جوہر تھیں، جبکہ کستان

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

ارجنٹینا نے اپنی مسلح افواج کو دہشت گرد قرار دینے کے ایرانی اقدام کو مسترد کردیا

بیونس آئرس (آئی این پی) ارجنٹینا کی وزارتِ خارجہ نے ایران کی جانب سے ملک کی بحریہ اور فضائیہ کو دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کرنے کے فیصلے کو سختی سے مسترد کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ اقدام مکمل طور پر بے بنیاد ہے اور ارجنٹینا کی مسلح افواج کے خلاف ناقابلِ قبول الزام کے مترادف ہے۔ بیان کے مطابق ارجنٹینا کی بحریہ اور فضائیہ آئینی اور قانونی ادارے ہیں، جو ملک کی قومی خودمختاری کے دفاع کی ذمہ داری انجام دیتے ہیں۔

شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا کی ازدواجی زندگی مشکلات کا شکار

بڑھتے فاصلے اور عوامی مقبولیت میں کمی نے ان کے تعلقات پر سوالات کھڑے کر دیئے

لندن (این این آئی) بین الاقوامی میڈیا پر برطانوی بادشاہ، شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے تشویش ظاہر کی جا رہی ہے، شاہی جوڑے کے درمیان بڑھتے فاصلے اور عوامی مقبولیت میں کمی نے ان کے تعلقات پر سوالات کھڑے کر دیئے۔ برطانوی جریدے کے مطابق شاہی خاندان کے قریبی ذرائع کا دعویٰ ہے کہ شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

بیلہ کے علاقے میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

اوتھل (این این آئی) بیلہ کے قریب جام یوسف آباد (ڈنڈا) کے مقام پر بجلی کا کرنٹ لگنے سے 1 شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا، ریسکیو ذرائع کے مطابق بیلہ کے قریب جام یوسف آباد (ڈنڈا) کے مقام پر کے الیکٹرک کی مین لائن کی زد میں آکر بجلی کا کرنٹ لگنے سے جان کی بازی ہار گیا۔ لاش کو سول ہسپتال بیلہ منتقل کردیا گیا۔ جاں بحق کی شناخت نواز

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر



امریکی ریاست میں زمین بوس ہونیوالے عمارت کا ملبہ دیکھا جاسکتا ہے

وزیراعظم کی سوڈان، فن لینڈ اور عراق کے صدور سے الگ الگ ملاقاتیں

دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے شہر انطالیہ میں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس کوپ 31 کے موقع پر سوڈان، فن لینڈ اور عراق

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر



انطالیہ، وزیراعظم شہباز شریف سے عراقی صدر ملاقات کررہے ہیں

چین کا امریکا سے جاسوسی کے من گھڑت الزامات بند کرنے کا مطالبہ

چین کی سائنسی اور تکنیکی ترقی اپنی ایجادات اور عالمی تعاون کا نتیجہ ہے، ترجمان وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین نے امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی بنانے والی کمپنی اینویڈیا کے معاملے پر جاسوسی کے من گھڑت الزامات عائد کرنا بند کرے۔ چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے کہا کہ امریکا جاسوسی کے

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

صوبائی حکومت پائیدار امن اور معاشی استحکام کے لیے کوشاں ہے، صوبائی وزیر صحت

کور کمانڈر بلوچستان کا سرحدی تجارت کے فروغ اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان خوش آئند ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

غزہ میں امدادی سامان کی ترسیل میں تاخیر ناقابل قبول ہے، اقوام متحدہ

اسرائیل میں نئی حکومت کی تشکیل کا انتظار نہیں کیا جا سکتا، ہنگامی امدادی رابطہ کار ٹام فلیچر

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہنگامی امدادی رابطہ کار ٹام فلیچر نے غزہ میں بگڑتی انسانی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عالمی

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

کانک میں زوردار دھماکہ، علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی، قریبی گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے نواحی علاقے کانک میں زوردار دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت اس قدر زیادہ تھی کہ اس کی آواز کئی کلومیٹر دور تک سنی گئی، جبکہ دھماکے کے باعث قریبی گھروں کی

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سے جمعیت علماء اسلام (س) کا وفد ملاقات کررہا ہے

پاکستانی چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل، پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے

یہ تاریخی مشن پاکستان اور چین کی نسل در نسل قائم دوستی کو مزید مضبوط بنائے گا، چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی خلا باز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والے پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے۔ ترجمان چینی سفارتخانہ کے مطابق

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

جو صوبہ مزید صوبے چاہے وہاں بنائیں، وزیراعلیٰ سندھ

ریفرنڈم تب ہوتا ہے جب کوئی ابہام ہو یا وہ چیز آئین میں درج نہ ہو، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ جو صوبہ چاہتا ہے کہ مزید صوبہ بنیں تو وہاں بنائے جائیں۔ مکلی میں پیر سید غلام جیلانی

بقیہ نمبر 57 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی انتقام اور منفی ہتھکنڈوں سے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، مولانا عبدالواسع

صوبے کی بدلتی سیاسی صورتحال پر گہری نظر ہے، جمعیت علما اسلام آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ثابت قدم رہے گی

پانچ، دس برس پرانے معاملات کو اچانک اٹھا کر نوٹسز جاری کرنا اور کارروائیوں کا آغاز کرنا بدنیتی کے سوا کچھ نہیں' یونس عزیز زہری و دیگر سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اراکین صوبائی اسمبلی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، میر زابد علی ریکی، سید آغا ظفر اور دیگر جماعتی رہنماں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں ایک ڈالر سے زائد گر گئیں

برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودے ایک ڈالر 14 سینٹ، فی بیرل پر آگئے

واشنگٹن (این این آئی) ایران اور یوکرین جنگوں کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششوں میں پیش رفت کی امید کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایک ڈالر سے زائد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعرات کو


بقیہ نمبر54 صفحہ 7 پر

ملک میں سونا 10 ہزار 900 روپے فی تولہ سستا

24 قیراط کے حامل تولہ 4 لاکھ 16 ہزار 536 روپے کا ہوگیا

کراچی (آئی این پی) ملک میں سونے کی قیمت میں 10 ہزار 900 روپے فی تولہ کی کمی ہوگئی۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیراط کے حامل تولے کی قیمت میں 10 ہزار 900 روپے کی کمی ہوگئی۔ اس کمی کے بعد فی تولہ سونا 4 لاکھ 16 ہزار 536 روپے کا ہوگیا ہے۔ 10 گرام سونے کی قیمت میں 9 ہزار 345 روپے

بقیہ نمبر52 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی، چیئرپرسن غزالہ گولہ وویمن پارلیمینٹری کاکس کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

مدارس کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس کا معاملہ حل ہو چکا ہے، طاہر اشرفی

حکومت اور مدارس کے درمیان رابطے کے حوالے سے بہت کامیابی ملی ہے، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پاکستان علما کونسل طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ ملاقات کا مقصد پنجاب میں مدارس کی رجسٹریشن اور قانون سازی سے متعلق تفصیلات اور مدارس عربیہ کے ساتھ حکومتی تعاون کو مضبوط بنانا تھا۔ طاہر محمود اشرفی نے بیان

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

امریکا اور چین کا تعلقات میں استحکام برقرار رکھنے پر اتفاق

امن کے قیام اور جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے لیے بامقصد مذاکرات ضروری ہیں' وزرائے خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور چینی وزیر خارجہ وانگ ای کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی جس میں دونوں ممالک کے تعلقات کو

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

غزہ میں امدادی ٹرکوں کو داخلے کی اجازت دی جائے، ہیملٹن

لوگوں کو آزادی، تحفظ اور عزت سے محروم رکھنا ناانصافی ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) فارمولا ون چیمپئن لوئس ہیملٹن نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کی جانب سے گزشتہ 3 برس سے جاری نسل کشی کے مناظر انتہائی افسوسناک ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ لوگوں کو آزادی، تحفظ اور

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

اسرائیلی حملوں سے لبنان کا زرعی نظام تباہی سے دوچار، گندم کی فصل بھی متاثر

جنگ اور معاشی بحران نے ہزاروں کسانوں کا روزگار خطرے میں ڈال دیا ہے، ماہرین

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی حملوں کے باعث لبنان میں گندم کی پیداوار شدید متاثر ہوئی ہے، خصوصاً جنوبی لبنان اور وادی بقاع میں زرعی زمینوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جنگ کے باعث گندم کی کاشت

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

آبنائے ہرمز جنگ سے پہلے والی حیثیت میں واپس نہیں آئیگی، باقر قالیباف

تنازعہ کے خاتمے کیلئے قطر کے ذریعے امریکا کو 7 نکاتی امن منصوبہ پیش کیا ہے، جواب کے منتظر ہیں، گیند امریکا کے کورٹ میں ہے

امریکا نے ایران کے خلاف نئی فوجی کارروائی کی تو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک اور شکست کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (آئی این پی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز جنگ سے پہلے والی حیثیت میں واپس نہیں آئے گی قطری ٹی وی کو انٹرویو میں باقر قالیباف نے کہا کہ امریکی حکام نے ماسکو کے دورے کے دوران روسی صدر پوتن سے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات میں ثالثی کی

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

اسرائیل میں ایران کے خلاف ممکنہ نئی فوجی کارروائی پر سیاسی اور عسکری اختلافات سامنے آگئے

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیل میں ایران کے خلاف ممکنہ نئی فوجی کارروائی پر سیاسی اور عسکری اختلافات سامنے آگئے ہیں اسرائیلی سیاست دان اور اپوزیشن رہنما گادی آئزن کوٹ نے نگراں وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کو خط لکھ کر خبردار کیا ہے کہ نئی حکومت کی تشکیل سے قبل ایران کے خلاف کسی

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

امریکی ایوانِ نمائندگان کی کمیٹی کا ابراہیمی معاہدے میں شامل ممالک کے ساتھ پہلا اجلاس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوانِ نمائندگان کی کمیٹی کا ابراہیمی معاہدے میں شامل ممالک کے ساتھ پہلا اجلاس ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کمیٹی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ چیئرمین برائن ماسٹ نے خارجہ امور کی کمیٹی (ایچ ایف اے سی) کے ارکان اور ابراہیمی معاہدے میں شامل ممالک کے سفیروں کے درمیان کانگریس کی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

واضح کرتا ہوں بلدیاتی الیکشن اسلام آباد میں ہوں گے، چیف الیکشن کمشنر

وفاقی حکومت نے آرڈر کیا ہے، اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں ٹیچرز کی ڈیوٹی نہیں لگے گی

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ واضح کرتا ہوں بلدیاتی الیکشن اسلام آباد میں ہوں گے، وفاقی حکومت نے آرڈر کیا ہے، اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں ٹیچرز کی ڈیوٹی نہیں لگے گی، الیکشن کمیشن عملہ کہاں سے لائے گا؟، وفاقی حکومت کے آرڈر کا سختی سے نوٹس لیتے ہیں، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی انتخابات

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

28ویں آئینی ترمیم 15 جنوری سے پہلے لانے کا امکان ہے، فواد چوہدری

ن لیگ آئینی ترمیم کے معاملے پر پیپلزپارٹی کے ساتھ نہیں پیچھے کھڑی ہے' سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ آئینی ترمیم سے متعلق معاملہ 15 جنوری سے آگے نہیں جائے گا اور اس سے پہلے ہی اس حوالے سے اہم پیش رفت متوقع ہے۔ ایک انٹرویو میں ادچوہدری نے کہا کہ آئینی ترمیم کے لیے پہلے ریفرنڈم کرانے کی تجویز زیرِ غور ہے، جس کے ذریعے حاصل ہونے والی عوامی

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026ء کی نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

وسائل اور آبادی میں توازن کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، احسن اقبال

قومی وسائل کی تقسیم کا 82 فیصد آبادی سے منسلک ہونا ایک ایسا تضاد پیدا کرتا ہے جو آبادی میں اضافے کی حوصلہ افزائی کا باعث بن سکتا ہے

پاکستان میں آبادی میں تیزی سے اضافہ قومی ایمرجنسی کی صورت اختیار کرچکا ہے' احسن اقبال کا نیشنل پاپولیشن کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی سے خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی میں تیزی سے اضافہ قومی ایمرجنسی کی صورت اختیار کر چکا ہے، وسائل اور آبادی میں توازن کے بغیر پائیدار ترقی اور معاشی

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

لبنان میں دس لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ برسوں کی جنگ اور معاشی بحران کے بعد لبنان میں دس لاکھ سے زائد افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زراعت وقت کی اہم ضرورت ہے، رانا تنویر حسین

پاکستان اور ازبکستان میں زرعی و لائیوسٹاک کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، ماہرین بھیجنے کی تجویز

انطالیہ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے ازبکستان کے نائب وزیر زراعت علی شیر شکوروف سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان زراعت، لائیوسٹاک، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور سائنسی تحقیق

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

یورپی یونین کا بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص کرنے کا اعلان

برسلز (این این آئی) یورپی کمیشن کی صدر نے بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کے لیے 5 کروڑ یورو مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یورپی یونین نے رومانیہ اور بلغاریہ میں بحری نگرانی اور معلومات کے تبادلے کے لیے مشترکہ سلامتی مرکز قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

کارپوریٹ سیکٹر کے منافع میں 9 ماہ کے دوران 25 فیصد اضافہ ہوا، مشیر خزانہ

مختلف شعبوں میں جاری اصلاحات کے نتیجے میں کمپنیوں کی مالی کارکردگی بہتر ہورہی ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے لسٹڈ کارپوریٹ سیکٹر کے منافع میں جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران سالانہ بنیادوں پر 25 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جو گزشتہ تین سال کے دوران نو ماہ کی مدت

بقیہ نمبر74 صفحہ 7 پر

ڈیرہ بگٹی میں پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بنادی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بنادی۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو پولیس کو خفیہ

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

سرداری نظام کے خلاف مکمل دستاویزات کے ساتھ قرارداد پیش کروں گا، مولانا ہدایت الرحمان

حکمران صرف اپنی حفاظت چاہتے ہیں جبکہ عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف 22 نومبر کو جلسہ کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) رکنِ بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ صوبے کے حکمران صرف اپنی ذات کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں جبکہ عام عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، تاہم وہ سرداری نظام کی مخالفت جاری رکھیں گے اور اس

بقیہ نمبر75 صفحہ 7 پر

ڈیرہ بگٹی، دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے باسکیت میں دو گروپوں میں مسلح تصادم

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اور وزیر صحت مصطفیٰ کمال نیشنل پاپولیشن کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

افغانستان منشیات اسمگلنگ کے عالمی نیٹ ورکس کی آماجگاہ بن گیا

نیٹ ورک کے ارکان کو منشیات کی ہر کھیپ سرحد پار پہنچانے کے عوض 2500 ڈالر دیے جاتے تھے، رپورٹ

کابل (این این آئی) افغانستان منشیات اسمگلنگ کے عالمی نیٹ ورکس کی آماجگاہ بن گیا ہے، جس کی وجہ سے پڑوسی ممالک کو سنگین خطرات لاحق ہورہے ہیں۔ افغانستان سے منشیات اسمگلنگ کی ایک اور کوشش ناکام بنا دی گئی ہے۔ تاجکستان میں منشیات

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

رکھنی، اچڑی کے قریب نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

رکھنی (یو این اے) رکھنی کے نواحی علاقے اچڑی کے قریب بیکو روڈ پر واقع پولیس چوکی کے نزدیک سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے الیکشن میں بیلچہ پینل بلا مقابلہ کامیاب

عبدالستار چیئرمین، لعل محمد صدر، سلطان محمد خان سیکرٹری جنرل اور سعید بلانوشی خزانچی منتخب ہوگئے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے انتخابات برائے 2026ء تا 2028ء میں بیلچہ پینل کے تمام 12 امیدوار بلامقابلہ کامیاب قرار پائے۔ انتخابی نتائج کے مطابق عبدالستار چیئرمین، لعل محمد صدر، سلطان محمد خان سیکرٹری جنرل

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی ملازمین حقوق کے منتظر ہیں، نصیب اللہ بازئی

ملازمین کی پروموشنز، عید بونس سمیت تمام جائز حقوق اور مراعات بلا تاخیر فراہم کی جائیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن نے ملازمین کے مسائل، بالخصوص پروموشنز اور عید بونس کی عدم ادائیگی میں تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

ڈی آئی خان، دہشتگردوں نے بارود سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی

فائرنگ، گیٹ، دیوار اور قریبی مسجد کو نقصان، گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے' اہلکاروں کی بھرپور جوابی فائرنگ کے باعث دہشتگرد تھانے کی حدود میں داخل نہ ہوسکے

پسپا ہوکر فرار ہوگئے، پولیس' صوابی میں شرپسندوں کی فائرنگ سے چوکی انچارج سمیت 2 اہلکار شہید، ایک زخمی علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

پشاور (آئی این پی) خیبرپختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرا دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم دہشتگردوں نے بند کرائی پولیس اسٹیشن کے گیٹ پر بارودی پک اپ گاڑی ٹکرائی اور فائرنگ بھی کی۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں تھانے کا گیٹ، دیوار اور قریبی مسجد کو نقصان پہنچا جبکہ اطراف کے گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے۔ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس کے مطابق پولیس اہلکاروں کی بھرپور جوابی فائرنگ کے باعث دہشتگرد تھانے کی حدود میں داخل نہ ہو

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاغاسی
پرنٹر پبلشر شاغاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نسب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705



رائے ونڈ، تبلیغی اجتماع کے دوسرے مرحلے میں شرکت کے لئے لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے